* عبدالرحمن بن رستم : رک به الرستمیه . — ٨٦٩ ١

* عبدالرحمن بن سمره : بن حبیب بن عبد شمس بن عبد مناف بن قصی، فاتح کابل، مشرقی خراسان اور سجستان میں دوباره اسلامی حکومت قائم کرنے والا مسلم سپه سالار (٥٠ھ/٦٧٠ء) . — ٨٦٩ ١

* عبدالرحمن بن طغایرک : سلجوقی اقتدار کے عهد ثانی کا ایک بااثر ترک امیر (م ٥٤١ - ٥٤٢ھ/١١٤٦ - ١١٤٧ء) . — ٨٦٩ ٢

* عبدالرحمن بن عبدالله الغافقی : مشهور سپه سالار اور اندلس کے والی (از ١١١ھ/ ٧٣٠ء سے ١١٤ھ/٧٣٢ء) . — ٨٧٠ ١

* عبدالرحمن بن عبدالقادر الفاسی : (١٠٤٠ھ/١٦٣١ء تا ١٠٩٦ھ/١٦٨٥ء)، ایک مراکشی عالم ، فقیه اور مصنف العمل الفاسی . — ٨٧٠ ٢

* عبدالرحمن بن علی : رک به ابن الربیع . — ٨٧١ ١

* عبدالرحمن بن عمر الصوفی ابوالحسین : (٢٩١ھ/٩٠٣ء تا ٣٧٦ھ/٩٨٦ء) ، ایک ممتاز هیئت دان اور مصنف صورالکواکب الثابتة . — ٨٧١ ١

⊗ عبدالرحمن بنؓ عوف : صحابی رسول صلی‌الله علیه وآله وسلم، عشره مبشره میں شامل، ایک متمول تاجر (م ٣٢ھ/٦٥٢ء) . — ٨٧٢ ١

marfat.com
Marfat.com

عنوان	اشارات	صفحہ	عمود
* عبدالرحمٰن بن عیسیٰ :	رک بہ ابن الجراح .	۸۷۹	۲
* عبدالرحمٰن بن القاسم :	رک بہ ابن القاسم .	۸۷۹	۲
* عبدالرحمٰن بن محمد :	رک بہ ابن خلدون .	۸۷۹	۲
* عبدالرحمٰن بن محمد بن ابی عامر :	المعروف بہ شنخول یا سنخول (Sanchuelo)، مشہور حاجب المنصور (رک بآں) کا بیٹا اور اپنے بڑے بھائی عبدالملک المظفر کا جانشین (۳۹۹ھ/۱۰۰۸ء) .	۸۷۹	۲
* عبدالرحمٰن بن مروان بن یونس :	المعروف بہ ابن الجلیقی ، اندلس میں باغیوں کا سرغنہ اور بعد ازاں وادی آنہ کا خود مختار حکمران (از ۲۷۱ھ/۸۸۴ء تا ۲۷۶ھ/۸۸۹ء) .	۸۸۰	۲
* عبدالرحمٰن بن ہشام :	(ولادت ۱۲۰۳ھ/۱۷۸۹ء) ، مراکش کا ایک علوی سلطان (از ۱۲۳۸ھ/۱۸۲۲ء تا ۱۲۷۶ھ/۱۸۵۹ء) .	۸۸۱	۱
* عبدالرحمٰن خان :	بن افضل خان بن امیر دوست محمد، افغانستان کا ایک ممتاز حکمران (از ۱۸۸۰ء تا ۱۹۰۱ء) .	۸۸۲	۲
* عبدالرحیم بن علی :	رک بہ القاضی الفاضل .	۸۸۵	۱
* عبدالرحیم بن محمد :	رک بہ ابن نباتہ .	۸۸۵	۱
* عبدالرحیم خان خاناں :	میرزا (۹۶۴ھ/۱۵۵۶ء تا ۱۰۳۶ھ/۱۶۲۷ء) اکبر کے اتالیق بیرم خان کا بیٹا ، سپہ سالار ، مدبر ، عالم ، شاعر ، اپنے عہد کا نامور امیر .	۸۸۵	۱
* عبدالرزاق (مولی) بن علی :	بن حسین گیلانی، لاہیجی ، قمی، صفوی دور کا ایک فلسفی حکیم و شاعر اور متعدد کتب و حواشی کا مصنف (م ۱۰۷۲ھ/۱۶۶۱ء) .	۸۸۸	۲
* عبدالرزاق کمال الدین بن الغنائم القاشانی :	ایک مشہور صوفی ، لطائف الاعلام وغیرہ متعدد کتب تصوف کا مصنف (م ۷۳۰ھ/۱۳۲۹ء) .	۸۸۹	۲
* عبدالرزاق کمال الدین بن جلال الدین اسحٰق السمرقندی :	(۸۱۶ھ/۱۴۱۳ء تا ۸۸۷ء/۱۴۸۲ء) ، ایک ایرانی مؤرخ اور مطلع سعدین و مجمع بحرین کا مصنف .	۸۹۴	۲
* عبدالرشید بن عبدالغفور :	الحسینی المدنی التتوی ، مشہور فارسی لغت نگار ، فرہنگ رشیدی یا رشیدی فارسی کا مصنف (حیات ۱۰۶۹ھ/۱۶۵۸ء).	۸۹۶	۲
* عبدالرؤف بن علی الجاوی :	الفنصوری السنکلی (۱۰۳۰ھ/۱۶۲۰ء تا ۱۱۰۵ھ/۱۶۹۳ء)،		

marfat.com
Marfat.com

عنوان	اشارات	صفحہ	عمود
	مصنف عمدة المحتاجین الی سلوک مسلک المفردین .	۸۹۷	۱
* عبدالسّلام بن احمد	رکّ بہ ابن غانم .	۸۹۸	۱
* عبدالسّلام بن مَشِیش الحسنی	تصوف میں قطب کا درجہ رکھنے والے مراکش کے ایک مقبول عام صوفی بزرگ (م ۶۲۵ھ/۱۲۲۷-۱۲۲۸ء) .	۸۹۸	۱
* عبدالصّمد بن عبداللہ الپَلِمبانی	بانی طریقہ سمانیہ محمد السمان کا شاگرد اور امام غزالیؒ کی احیاء علوم الدین کا ملائی مترجم (حیات ۱۲۰۳ھ/۱۷۸۸ء) .	۸۹۹	۱
* عبدالصّمد شیریں قلم	خواجہ ، ایرانی مصور اور خطاط ، ہندوستان میں مغل مصوری کا ایک بانی (حیات ۱۵۹۳ء) .	۹۰۰	۱
* عبدالعزیز	بن سلطان محمود ثانی ، بیسواں عثمانی سلطان (۱۲۷۷ھ/۱۸۶۱ء تا ۱۲۹۳ھ/۱۸۷۶ء) .	۹۰۶	۱
* عبدالعزیز بن ابراہیم	الثمینی الاسجنی (۱۱۳۳ھ/۱۷۲۰ء تا ۱۲۲۳ھ/۱۸۰۸ء)، فرقہ اباضیہ کا مشہور عالم اور مصنف کتاب النیل و شفاء العلیل، وغیرہ .	۹۰۷	۱
* عبدالعزیز بن ابی دُلف	رکّ بہ الدلفی .	۹۰۸	۱
* عبدالعزیز بن الحجاج	بن عبدالملک ، ایک اموی سپہ سالار اور اپنے عمزاد بھائی یزید ثالث کا ممتاز معاون (م ۱۲۷ھ/۷۴۴ء) .	۹۰۸	۱
* عبدالعزیز بن الحسن	اپنے والد مولای الحسن کا جانشین ، ایک مراکشی سلطان (از ۱۳۱۱ھ/۱۸۹۴ء تا ۱۳۲۶ھ/۱۹۰۸ء) .	۹۰۹	۱
* عبدالعزیز بن سعود	رکّ بہ ابن سعود .	۹۱۰	۱
* عبدالعزیز بن محمد	بن ابراہیم الصنہاجی الفشتالی (۹۵۶ھ/۱۵۴۹ء تا ۱۰۳۱ھ/۱۶۲۱ء)، ایک مراکشی عالم اور مؤرخ، مصنف مناهل الصفا فی اخبار الملوک الشرفاء وغیرہ .	۹۱۰	۱
* عبدالعزیز بن محمد	بن سعود ؛ رکّ بہ (۱) ابن سعود ؛ (۲) عرب (جزیرۃ العرب) .	۲۱۰	۲
* عبدالعزیز بن مروان	خلیفہ مروان اول کا بیٹا اور خلیفہ عمرؒ بن عبدالعزیز کا والد (م ۸۵ھ/۷۰۴ء) .	۹۱۰	۲
* عبدالعزیز بن موسیٰ	اندلس کے شہرہ آفاق فاتح موسیٰ بن نصیر کا بیٹا اور اپنے باپ کے بعد اندلس کا پہلا والی (از ۹۵ھ/۷۱۴ء تا ۹۷ھ/۷۱۶ء) .	۹۱۱	۱
* عبدالعزیز بن ولید	خلیفہ ولید اول کا بیٹا اور ایک اموی سپہ سالار (م ۱۱۰ھ/۷۲۹ء).	۹۱۱	۲
* عبدالعزیز افندی	قرہ چلبی زادہ ؛ رکّ بہ قرہ چلبی زادہ .	۹۱۲	۱
* عبدالعزیز شاہ دہلوی	رکّ بہ شاہ عبدالعزیز دہلوی .	۹۱۲	۱

marfat.com

Marfat.com

عنوان — اشارات	صفحہ	عمود
* عبدالغفار بن عبدالکریم : رکّ بہ القزوینی .	۹۱۲	۱
* عبدالغفار الاخرس : رکّ بہ الاخرس .	۹۱۲	۱
● عبدالغفور میاں : رکّ بہ اخوند صاحب سوات .	۹۱۲	۱
* عبدالغنی بن اسماعیل النابلسی : دمشق کے ایک صوفی، عالم دین ، شاعر اور بہت سی کتابوں کے مصنف (۱۰۵۰ھ/۱۶۴۱ءیا۱۱۴۳ھ/۱۷۳۱ھ).	۹۱۲	۱
* عبدالفتاح فومنی : ایک ایرانی مؤرخ ،مصنف تاریخ گیلان وغیرہ (حیات ۱۰۳۸ھ/۱۶۲۸ء) .	۹۱۳	۲
* عبدالقادر (سر ، شیخ) : (۱۸۷۴ تا ۱۹۵۰ء)، اردو کے ایک نامور ادیب، برعظیم پاک و ہند کے ممتاز قانون دان .	۹۱۴	۱
* عبدالقادر بن علی : بن یوسف الفاسی (۱۰۰۷ھ/۱۵۹۹ء تا ۱۰۹۱ھ/۱۶۸۰ء) ، مراکش کے فاسی خاندان کا معروف ترین فرد اور قصر الکبیر میں زاویۂ شاذلیہ کا شیخ اعظم .	۹۱۶	۱
* عبدالقادر بن عمر البغدادی : (۱۰۳۰ھ/۱۶۲۱ء تا ۱۰۹۳ھ/۱۶۸۲ء) ، ایک مشہور لغوی اور مصنف خزانة الادب و لب لباب لسان العرب وغیرہ .	۹۱۶	۱
* عبدالقادر بن غَیبی : الحافظ المراغی (۷۵۴ھ/۱۳۵۳ء تا ۸۲۵ھ/۱۴۲۱ء) ، تیمور کے زمانے کا مشہور گلوکار اور علم موسیقی کا ممتاز ایرانی مصنف .	۹۱۷	۲
*⊗ عبدالقادر بن محی الدین : الحاج امیر عبدالقادر الحسنی الجزائری (۱۲۲۳ھ/۱۸۰۸ء تا ۱۳۰۰ھ/۱۸۸۳ء) ، الجزائر پر فرانسیسی قبضے کے خلاف جد و جہد کے نامور قائد .	۹۲۱	۱
* عبدالقادر بداؤنی : رکّ بہ بداؤنی .	۹۲۴	۱
* عبدالقادر الجیلانیؒ : (۴۷۰ھ/۱۰۷۷ - ۱۰۷۸ء تا ۵۶۱ھ/۱۱۶۶ء) ، پیران پیر ، بغداد کے مشہور عالم اور بزرگ سلسلۂ قادریہ ترین ولی ، کے بانی اور متعددکتب، مثلاً فتوح الغیب وغیرہ کے مصنف .	۹۲۴	۱
* (شاہ) عبدالقادر دہلوی : بن شاہ ولی اللہ بن شاہ عبدالرحیم (۱۱۶۷/۱۷۵۳ء تا ۱۲۳۰ھ/۱۸۱۴ - ۱۸۱۵ء) ، اردو زبان میں قرآن مجید کے اولین مترجم اور حاشیہ نگار .	۹۳۵	۱
* عبدالقادر القرشی : محی الدین عبدالقادر بن محمد بن نصراللہ بن سالم بن ابی الوفاء (۶۹۶ھ/۱۲۹۷ء تا ۷۷۵ھ/۱۳۷۳ء)، فقہ حنفی کا ایک مصری معلم ، سوانح نگار اور مصنف الجواہر المضیئة فی طبقات الحنفیہ وغیرہ .	۹۳۶	۱
* عبدالقیس : مشرقی عرب کا ایک قدیم عربی قبیلہ .	۹۳۶	۲

marfat.com

Marfat.com

عنوان	اشارات	صفحہ	عمود
* عبدالقیوم	صاحبزادہ ، خان بہادر ، سر (١٨٦٣ تا ١٩٣٧ء) ، صوبہ سرحد کے سرسید، اسلامیہ کالج پشاور کے بانی ،کرم اور خیبر کے پولیٹیکل ایجنٹ اور بعد ازاں صوبہ سرحد کے وزیر اعلی .	٩٤١	١
⊛ عبدالکریم بن ابراہیم الجیلی	(٧٦٧ھ/١٣٦٥ء تا ٨٣٢ھ/١٤٢٨ء) ، ایک مشہور صوفی اور عالم، مصنف الانسان الکامل وغیرہ .	٩٤٣	٢
* عبدالکریم بن عجرد	رک به ابن عجرد .	٩٤٥	٢
* عبدالکریم بخاری	فارسی زبان میں وسط ایشیا کے ملکوں کی تاریخ کا مصنف (حیات ١٢٤٦ھ/١٨٣٠ء) .	٩٤٥	٢
⊗ عبدالکریم کشمیری (خواجہ)	بن خواجہ عاقبت محمود ، فارسی زبان کا ایک مؤرخ ، اور مصنف بیان واقع وغیرہ (حیات ١١٩٩ھ/١٧٨٥ء) .	٩٤٥	٢
⊗ عبدالکریم منشی	منشی مولوی عبدالکریم علوی ، انیسویں صدی عیسوی کے وسط کا ایک فارسی مؤرخ ، مصنف محاربۂ کابل و قندھار وغیرہ ، (حیات ١٨٥١ء) .	٩٤٦	٢
* عبداللطیف البغدادی	موفق الدین ابو محمد بن یوسف ، المعروف به ابن اللباد (٥٥٧ھ/١١٦٢ - ١١٦٣ء تا ٦٢٩ھ/١٢٣١ - ١٢٣٢ء) ، ایک ہمہ فن عالم اور ماہر سائنس ، مصنف کتاب الافادہ والاعتبار .	٩٤٩	١
* عبداللطیف بھٹائی	رک به بھٹائی، عبداللطیف .	٩٥٠	١
* عبداللطیف قسطمونلی	رک به لطیفی .	٩٥٠	١
* عبدالمؤمن بن علی	بن علوی بن یعلی ، تحریک الموحدین کے قائد مہدی ابن تومرت کا دست راست اور جانشین، المغرب کے حکمران خاندان بنو مومن کا بانی فرمانروا (از ٥٢٧ھ/١١٣٣ء تا ٥٥٨ھ/١١٦٣ء) .	٩٥٠	١
* عبدالمجید بن عبداللہ	رک به عبدون.	٩٥٥	١
* عبدالمجید اول	بن محمود ثانی، ایک عثمانی سلطان (از ١٢٥٥ھ/١٨٣٩ء تا ١٢٧٧ھ/١٨٦٢ء) .	٩٥٥	١
* عبدالمجید ثانی	آخری عثمانی خلیفہ (از ١٩٢٢ تا ١٩٢٣ء) .	٩٥٧	١
⊛* عبدالمطلب بن ہاشم	ابو الحارث، الملقب به شیبه، حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے دادا اور قریش مکہ کے نامور سردار (م ٥٧٩ء) .	٩٥٧	١
* عبدالملک بن زُہر	رک به ابن زہر .	٩٥٨	٢
* عبدالملک بن صالح بن علی	السفاح اور المنصور کا عم زادہ بھائی اور ہارون الرشید کے عہد میں بوزنطیوں کے خلاف متعدد مہمات کا قائد (م مابین ١٩٣ و ١٩٩ھ)	٩٥٨	٢

marfat.com

Marfat.com

عنوان	اشارات	صفحہ	عمود
⊗ عبدالملک بن قُریب	رکّ بہ الاصمعی .	۹۵۹	۱
* عبدالملک بن قَطن الفہری	ایک نامور بہادر قائد اور عبدالرحمٰن بن عبداللہ الغافقی کے بعد اندلس کا حاکم اور والی (از ۱۱۴ھ / ۷۳۲ء تا ۱۲۳ھ/۷۴۱ء) .	۹۵۹	۱
* عبدالملک بن محمد	بن ابی عامر المعافری، ابو مروان المظفر، اندلس کے اموی خلیفہ ہشام ثانی المؤید باللہ کے مشہور حاجب المنصور کا بیٹا اور جانشین (از ۳۹۲ھ/۱۰۰۲ء تا ۳۹۹ھ/۱۰۰۸ء) .	۹۶۰	۱
* عبدالملک بن مروان	(ابوالولید) ، بنو مروان کا دوسرا اور بنو امیہ کا پانچواں خلیفہ (از ۶۵ھ/۶۸۵ء تا ۸۶ھ/۷۰۵ء) .	۹۶۱	۱
* عبدالملک بن نوح	رکّ بہ سامانیہ .	۹۶۳	۱
* عبدالملک بن ہشام	رکّ بہ ابن ہشام .	۹۶۳	۲
* عبدالنبی	ابن شیخ احمد بن شیخ عبدالقدوس ، ایک صاحب معرفت و تقوٰی اور مقبول عام عالم ، عہد اکبری میں صدر الصدور (م ۹۹۲ھ/۱۵۸۴ء) .	۹۶۳	۲
* عبدالواحد بن علی التمیمی	المراکشی ، ابو محمد المغربی ، مراکشی وقائع نگار اور مصنف المعجب فی تلخیص اخبار المغرب (م ۶۴۷ھ/ ۱۲۵۰ء) .	۹۶۶	۱
* عبدالوحد الرشید	رکّ بہ الموحدون .	۹۶۷	۱
* عبدالواد	(بنو عبدالواد ، یا زیانیہ یا بنو زیان) ، الجزائر کا ایک بربر حکمران خاندان (از ۶۳۳ھ/۱۲۳۶ء تا ۹۵۷ھ/۱۵۵۰ء) .	۹۶۷	۱
* عَبدالواسع جبلی	بدیع الزمان عبدالواسع، ایک عالم اور صاحب دیوان شاعر (م۵۵۵ھ/ ۱۱۶۰ء) .	۹۷۱	۲
* عبدالوہاب	رکّ بہ (۱) محمد عبدالوہاب ؛ (۲) وہابیہ .	۹۷۳	۲
* عبدالوہاب	(تاج الدین الملک المنصور) ، یمن کے طاہریہ خاندان کا ایک فرمانروا (از ۸۸۳ھ/۱۴۷۸ء تا ۸۹۴ھ/۱۴۸۸ء) .	۹۷۳	۲
* عبدالوہاب بن عبدالرحمن بن رستم	رکّ بہ رستمیہ .	۹۷۴	۱
* عبدان	ابن رزام ، جنوبی عراق کے قرامطہ کے قائد حمدان قرمط کا بہنوئی اور نائب (م ۲۸۶ھ/۸۹۹ء) .	۹۷۴	۱
* العبدری	محمد بن محمد بن علی بن احمد بن سعود ابو محمد القرشی، ایک سیاحت نامہ الرحلۃ المغربیۃ کا مصنف (حیات ۶۸۸ھ/۱۲۸۹ء) .	۹۷۴	۲
* العبدری	(ابن الحاج) ، ابو عبداللہ محمد بن محمد العبدری الفاسی (م ۷۳۷ھ/ ۱۳۳۶ء) ، ایک مالکی فقیہ اور مصنف مدخل الشرع الشریف .	۹۷۶	۱

marfat.com

Marfat.com

عنوان	اشارات	صفحہ	عمود
* عَبدلی :	آج کل عموماً جنوبی عرب کے مقام لَحج کے باشندوں کے لیے بطور اسم جمع مستعمل ایک اصطلاح .	۹۷٦	۱
* عَبدی :	رک بہ عبداللہ خویشگی قصوری .	۹۷۷	۱
⊗ عَبدی :	عبداللہ لاہوری (۱۰۲۵ھ/۱٦۱٦ء تا ۱۰٦۵ھ/۱٦۵۴ء)، مشہور پنجابی شاعر اور عالم ، مصنف باراں انواع .	۹۷۷	۱
* عَبدی :	ایک عثمانی مؤرخ اور خواجہ سراؤں کے سردار یوسف آغا کا سر دفتر یا کاتب (حیات ۱٦۷۵ء) .	۹۷۸	٦
* عَبدی افندی :	(۱۷۳۰ء تا ۱۷٦۴ء)، عثمانی مؤرخ، مصنف تاریخ سلطان محمود خان .	۹۷۹	۱
* عَبدی پاشا :	ایک عثمانی مؤرخ اور شاہی معتمد خاص ، مصنف وقائع نامہ عبدی پاشا (م ۱۱۰۳ھ/۱٦۹۱ء) .	۹۷۹	۱
⊗ عَبس :	قرآن مجید کی اسیویں سورت .	۹۸۰	۱
* عبس :	رک بہ غطفان .	۹۸۱	۱
* عَبلہ :	رک بہ عنترہ .	۹۸۱	۱
⊗ عبودۃ :	رک بہ عبادات .	۹۸۱	۲
⊗ عبودیت :	رک بہ عبادات .	۹۸۱	۲
* عَبید بن الابرص الاسدی :	ابوزیاد ، ایک جاہلی شاعر (م ۵۵۴ء) .	۹۸۱	۲
* عبیداللہ :	رک بہ المہدی عبیداللہ .	۹۸۲	۲
* عبیداللہ بن احمد خرداذبہ :	رک بہ ابن خرداذبہ .	۹۸۲	۲
* عبیداللہ بن زیاد :	بن ابیہ ، یزید اول کے عہد میں والی کوفہ و بصرہ (م ٦۸ھ/٦۸٦ء) .	۹۸۲	۲
⊗ عبیداللہ بن سریج :	رک بہ ابن سریج .	۹۸۳	۱
* عبیداللہ بن قیس الرقیات :	رک بہ ابن قیس الرقیات .	۹۸۳	۱
⊗ عبیداللہ سندھی :	(۱۲۸۹ھ/۱۸۷۲ء تا ۱۳٦۳ھ/۱۹۴۴ء) ، ہندوستان کی تاریخ جنگ آزادی کی ایک نمایاں شخصیت، ممتاز عالم دین ، فلسفہ ولی اللہی کے ممتاز ماہر اور متعدد کتابوں کے مولف .	۹۸۳	۱
⊗ عبید زاکانی :	(نواح ۷۰۰ھ/۱۳۰۰ء تا ۷۷۲ھ/۱۳۷۰ء) ، ایران کا مشہور ترین طنز نگار شاعر اور ادیب .	۹۸٦	۱
* عتائر :	رک بہ عتیرہ .	۹۸۸	۱
* عَتابہ :	فلسطین ، عراق اور الجزیرہ میں عام طور سے رائج جدید عربی زبان کی چار مصرعی نظم کے لیے ایک ادبی اصطلاح .	۹۸۸	۱
* عتبرہ :	رک بہ اتبرہ .	۹۸۸	۲
* عتبہ بن ربیعہ :	ابو الولید بن عبد شمس بن عبد مناف، قریش کا سردار اور مشہور دشمن		

marfat.com

Marfat.com

عنوان	اشارات	صفحہ	عمود
	اسلام (م ۲ھ/۶۲۳ء) .	۹۸۸	۲
* عتبہؓ بن غزوان :	بن جابر بن وہب، ابوعبداللہ، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابی، مشہور سپہ سالار اور بانی بصرہ (م ۱۵ھ/۱۷ھ) .	۹۸۹	۲
* العتبی :	ابو نصر محمد بن محمد الجبار (۳۵۰ھ/۹۶۱ء تا ۴۲۷ھ/۱۰۳۶ء یا ۴۳۱ھ/۱۰۴۰ء) ، سلطان محمود غزنوی کا سفیر و معتمد ، مؤرخ اور کتاب الیمینی کا مصنف .	۹۹۰	۲
* عتّابؓ بن اَسید :	بن ابی العیص بن امیۃ الاموی ، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ایک عاقل و شجاع صحابی ، عامل مکہ ، امیر الحج (م نواح ۱۲ھ/۶۳۴ء) .	۹۹۱	۱
* العتّابی :	ابو عمرو کلثوم بن عمرو بن ایوب التغلبی ، کاتب ، شاعر ، خطیب اور راوی (م ۲۲۰ھ/۸۳۵ء) .	۹۹۱	۲
* عِترۃ :	رک بہ اہل بیت .	۹۹۲	۲
* عِتق :	رک بہ (۱) عبد ؛ (۲) غلامی ؛ (۳) ام ولد .	۹۹۳	۲
* عَتمہ :	لغوی اعتبار سے شفق کے غائب ہو جانے کے بعد رات کا پہلا ثلث اور اصطلاحاً صلوۃ العشاء کا نام .	۹۹۳	۲
* عتیبہ :	وسط عرب کا سب سے بڑا اور سب سے طاقتور بدوی قبیلہ .	۹۹۳	۲
* عَتیرہ :	دور جاہلی میں کسی دیوتا کے نام پر قربان کیا جانے والا مینڈھا اور اسکی قربانی.	۹۹۵	۱
* عثر :	جنوبی عرب میں متعدد مقامات .	۹۹۵	۱
* عثلیث :	قدیم زمانے میں فلسطین کے ساحل پر ایک بندرگاہ .	۹۹۵	۲
* عثمان اول :	عثمان غازی (۶۸۹ھ/۱۲۹۰ء تا ۷۲۶ھ/۱۳۲۶ء) ، یا ترکیہ کی سلطنت عثمانیہ کا بانی .	۹۹۶	۱
* عُثمان ثانی :	بن سلطان احمد اول ، سلطنت عثمانیہ کا سولھواں سلطان (از ۱۶۱۸ء تا ۱۶۲۲ء) .	۹۹۹	۲
* عثمان ثالث :	بن سلطان مصطفیٰ ثانی ، سلطنت عثمانیہ کا پچیسواں سلطان (از ۱۷۵۴ء تا ۱۷۵۷ء) .	۱۰۰۱	۱
⊗ عثمانؓ بن عفان :	امیر المؤمنین، نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے چہیتے صحابی، دوہرے داماد، جامع قرآن اور خلفاے راشدین میں سے تیسرے خلیفہ (از ۲۳ھ تا ۳۵ھ) .	۱۰۰۱	۲
*● عثمانؓ بن مظعون :	بن حبیب بن وہب ، الجمحی ابو السائب ، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے قدیم صحابی (م ۳، ۴ھ/۶۲۴ - ۶۲۵ء) .	۱۰۱۱	۱
* عثمان جق :	ایشیائی ترکیہ کی ولایت سیواس میں ایک قضا کا سب سے بڑا شہر .	۱۰۱۲	۱

marfat.com

Marfat.com

عنوان	اشارات	صفحه	عمود
* عثمان داڑو دیو :	رکّ به پل .	١٠١٢	٢
* عثمان دقنه :	(یا دگنه) بن ابی بکر دقنه (١٨٤٠ء تا ١٩٢٦ء) ، مشرقی سودان میں مہدیه کا حاکم اور سپه سالار .	١٠١٢	٢
* عثمان زاده احمد تائب :	اٹھارھویں صدی کے پہلے ثلث کا ممتاز ترکی شاعر ، ادیب اور مؤرخ ، مصنف حدیقة الوزراء وغیرہ (م ١١٣٦ھ/١٧٢٤ء) .	١٠١٥	٢
⊗ عثمان مختاری :	رکّ به مختاری ، سراج الدین عثمان بن محمد المختاری الغزنوی .	١٠١٨	١
⊗ عجائب :	رکّ به علم (العجائب) .	١١٠٨	١
* عجارده :	خاص طور پر خراسان میں پھیلنے والا خوارج کا ایک فرقه .	١٠١٨	١
* العجاج :	ابو الشفاء عبداللہ بن رؤبة ، خلیفهٔ ثالث حضرت عثمانؓ کے دور میں ایک مشہور عرب رجز گو اور صاحب دیوان شاعر (م ٩٧ھ/ ٧١٥ء) .	١٠١٨	٢
* عِجل (بنو) :	شمالی عرب کا ایک قبیله اور بکر بن وائل کی اهم شاخ .	١٠١٩	٢
* عجلون :	شرق اردن کا ایک ضلع .	١٠٢٠	١
* عَجَله :	رتھوں ، گاڑیوں اور چھکڑوں کے لیے شمال مغربی سامی زبانوں سے مستعار عربی لفظ .	١٠٢٠	١
* العِجلی :	ابو منصور، المعروف به الکسف و الخناق، دوسری صدی هجری کا ایک متنبی .	١٠٢٤	١

marfat.com

Marfat.com

جلد ۱۳

عنوان	اشارات	صفحہ	عمود
* عَجَم :	(گنگ، کند زبان)، غیر عرب ملک (خصوصاً ایران و توران) اور وہاں کے باشندوں کے لیے ایک کثیر الاستعمال اصطلاح .	۱	۱
* عَجَمی اوغلان :	(غیر ملکی لڑکا) ، عہد عثمانیہ میں قپوقولو (دربانوں) کے طور پر بھرتی کیے جانے والے (عموماً عیسائی) نوجوانوں کے لیے اصطلاح .	۲	۱
* عَجَمِیہ :	غیر عربی زبانوں کو عربی حروف میں لکھنے کے لیے مستعمل ایک اصطلاح.	۲	۲
* العَجَمیہ :	رک بہ الخمیہ .	۲	۲
* عجوز :	رک بہ ایام العجوز .	۲	۲
* عَدَد :	رک بہ علم (الحساب) .	۲	۲
* عِدّت :	نکاح ثانی سے قبل مطلقہ یا بیوہ عورتوں کے زمانۂ انتظار کے لیے ایک شرعی اصطلاح .	۲	۲
* عدس :	مسور.	۳	۲
⊗ عَدل :	رک بہ معتزلہ .	۳	۱
* عَدل :	اسم ذات (بمعنی عدل ، داد رسی) اور اسم صفت (بمعنی مستقیم و متوازن) کے طور پر مستعمل ایک اصطلاح ؛ معتزلہ کے مذہب کا ایک بنیادی اصول .	۳	۱
* عدلی :	سلطان محمد ثانی ، محمود ثانی اور بایزید ثانی کا تخلص .	۶	۲
⊗ * عَدم :	ہستی یا وجود کی نفی کے لیے علم منطق کی ایک اصطلاح .	۶	۲
● * عَدَن :	جمہوریۂ جنوبی یمن کا دارالحکومت اور مشہور بندرگاہ ؛ سابقاً برطانوی زیر حمایت ریاست .	۸	۱
* عدنان :	عربوں کے سلسلۂ انساب کی رو سے شمالی عربوں کا جد امجد .	۱۲	۱
* عدویہ :	شیخ عدی (رک باں) کے مریدوں (یزیدیوں) کا لقب .	۱۳	۱
* عدیؓ بن حاتم :	بن عبداللہ بن سعد الطائی ، ابو ظریف ، مشہور شاعر اور سخی حاتم کے بیٹے اور ایک شجاع صحابی (م ۶۸ھ/۶۸۷ء) .	۱۳	۱
* عدی بن الرقاع :	ابو داود عدی بن زید بن مالک بن الرقاع العاملی ، ملک شام میں بنو امیہ خصوصاً الولید بن عبدالملک کا مدح گو عرب شاعر .	۱۴	۱
* عدی بن زید :	چھٹی صدی عیسوی میں الحیرہ کا ایک ممتاز عیسائی عرب شاعر .	۱۴	۲
* عدی بن مسافر :	الاموی القرشی الہکاری ، عدویوں کے شیخ طریقت (م ۵۵۷ھ/۱۱۶۲ء).	۱۵	۲
* عذاب (وعذاب القبر) :	رک بہ قبر .	۱۷	۲

marfat.com
Marfat.com

صفحہ	عمود	عنوان	اشارات
۱۷	۲	* عَذْراء	رک بہ وامق و عذراء .
۱۷	۲	* عَذْراء	رک بہ علم (نجوم) .
۱۷	۲	* عُذْرَة	بنو قضاعہ کے ایک بڑے ذیلی گروہ سے متعلق یمنی قبیلہ .
۲۰	۲	* عذری	(۱) بنو عذرہ (رک بہ عُذرہ ، بنو) کا جدی نام ؛ (۲) حب عُذری (پاک محبت) ، اسلامی فلسفہ کی تاریخ میں ایک ادبی و فکری موضوع .
۲۱	۲	* عرابی پاشا	احمد عرابی المصری (۱۸۳۹ء تا ۱۹۱۱ء)، انقلاب مصر کا ایک قائد اور معروف سیاستدان .
۲۷	۱	* العِراق	(نیز العراق العربی) ، عالم عرب کا ایک معروف ملک .
۴۴	۲	* عِراقی	شیخ فخر الدین ابراهیم (۶۱۰ھ / ۱۲۱۳ء تا ۶۸۶ھ / ۱۲۸۷ء)، حضرت بہاءالدین زکریا ملتانیؒ کے داماد اور فارسی کے مشہور صوفی شاعر .
۴۷	۲	* العَرائش	(انگور کی بیلوں کی جعفریاں یا ٹٹیاں)، بحر اوقیانوس کے ساحل پر مراکش کا ایک قصبہ .
۵۰	۱	* (جزیرة) العرب	جزیرہ نمائے عرب .
۱۰۶	۲	* العرب	(ج : اعراب) ، جزیرة العرب کے باشندے .
۱۲۸	۱	* عَربان	عراق عرب کا ایک مقام (آج کل کھنڈر) .
۱۲۸	۲	* عُربان	رک بہ العرب .
۱۲۸	۲	* عَربستان	" ملک عرب " ؛ پہلوی عہد میں ایرانی صوبہ خوزستان کے لیے مستعمل اصطلاح .
۱۲۸	۲	* عرب فقیہ	شہاب الدین احمد عبدالقادر ، سولھویں صدی عیسوی میں مسلم حبشہ کا وقائع نگار ، مصنف تحفة الزمان وغیرہ .
۱۲۹	۱	⊗ عَرب کیر	(آرپ کیر ، ارب گیر) ، ولایت ملطیہ کے ایک ضلع کا صدر مقام .
۱۳۱	۱	* عَربہ	(وادی عربہ) ، شرق اردن کے جنوبی رخنے کا بڑھاؤ ؛ تورات کی وادی اردن .
۱۳۱	۲	* العربیہ	عربی زبان اور ادب .
۲۳۵	۱	* العَرجی	عبداللہ بن عمر ، حضرت عثمان ذو النورین رضی اللہ عنہ کے پرپوتے اور بہترین اموی شاعر (م حدود ۱۲۰ھ/۷۳۸ء) .
۲۳۶	۲	* عَرادة	قرون وسطی میں توپ خانے کا ایک آلہ .
۲۳۷	۱	* عَرّاف	کاهن ، طبیب ، منجم یا قیافہ شناس (حازی) وغیرہ کے لیے مستعمل اصطلاح .
۲۳۸	۱	* عرس	یا شادی ، دعوت ولیمہ ، نیز دولها ، دلهن اور ان کے گهر کے بناؤ سنگھار کی رسوم کے لیے مستعمل اصطلاح .
۲۵۸	۲	* عَرش	رک بہ کرسی .
۲۵۸	۲	* عَرش	الجزائر میں مشترکہ قبضے والی زمین کے لیے مستعمل اصطلاح .
۲۶۰	۱	* عَرش گول	وهران (Oran) اور مراکش کی سرحد پر ایک قدیم (آجکل ناپید) شہر .

marfat.com
Marfat.com

عنوان	اشارات	صفحہ عمود
* عَرشیں	رکّ بہ ذراع .	۲۶۰ ۲
* عَرض	ایک کثیر المعانی اصطلاح ، بمعنی چوڑائی ، پھنائی ، عرض البلد ، معائنہ افواج وغیرہ .	۲۶۰ ۲
⊗ عَرَض	(نیز رکّ بہ جوہر)، یک وقت جوہر کی ضد اور اس کا مابہ الاستکمال ؛ علم کلام اور منطق کی ایک اصطلاح .	۲۶۱ ۱
* عِرض	ایک مبہم اور غیر واضح اصطلاح ، بمعنی جسم یا عزت و آبرو .	۲۶۱ ۱
* عَرض حال	عرضی اور درخواست کے معنوں میں عہد عثمانیہ کی ایک اصطلاح .	۲۶۳ ۱
* عُرف	کسی عمل کو عقل کی بنیاد پر تواتر کے ساتھ کرنا ؛ علم اصول فقہ کی ایک اصطلاح اور قانون کا مآخذ .	۲۶۴ ۱
⊗ عِرفان	رکّ بہ معرفت .	۲۶۵ ۲
* عَرفات	مکہ مکرمہ سے ۲۱ کلو میٹر مشرق میں ۹ ذوالحجہ کو حجاج کی وقوف گاہ اور جاے دعا .	۲۶۵ ۲
* عرفی	جمال الدین شیرازی ، ایک مشہور صاحب دیوان فارسی شاعر (م ۹۹۹ھ/ ۱۵۹۱ء) .	۲۶۶ ۲
* عِرق	(جڑ ، نسل) ، اسب اور اصل کے لیے اہل عرب کی ایک اصطلاح .	۲۶۹ ۱
* عِرق	(عِرگ) ، لق و دق وسیع میدان کے لیے جغرافیائی اصطلاح ، بربری میں ایدین ؛ محدود معنوں میں الحمادۃ الحمراء سے شروع ہوکر صحراے الجزائر کے درمیان سے ترچھا گزرتا ہوا وادی سورہ تک پھیلا ہوا بڑا ریگ زار .	۲۷۰ ۲
* عِرق	رکّ بہ صحراء .	۲۷۲ ۱
* عِرق اللؤلؤ	رکّ بہ صدف .	۲۷۲ ۱
* عرقہ	(ارقہ) ، جزیرۂ عرب کے جنوبی ساحل پر حضر موت کے علاقے میں ایک قصبہ .	۲۷۲ ۱
⊗ عَرگ	رکّ بہ عِرق .	۲۷۲ ۲
* عِروبہ	قدیم عربوں کے نزدیک جمعے کا دن .	۲۷۲ ۲
* عروۃ بن الزبیر	بن العوام الاسدی، یکے از ائمۂ حدیث و فقہاے سبعہ (م۹۳ھ/۷۱۲ء) .	۲۷۳ ۱
* عُروۃ بن الورد بن حابس العبسی	دور قبل اسلام کا ایک قدیم شاعر .	۲۷۳ ۱
* عروج	(نیز اوروج) ، المعروف بہ بربروسہ ، نامور ترک نبرد آزما ، فاتح الجزائر (م ۹۲۴ھ/۱۵۱۸ء) .	۲۷۴ ۲
* عَروس رسمی	(رسم عروسانہ ، عادت عروسی) ، عثمانی دور حکومت میں دلھنوں پر لگایا جانے والا ایک محصول .	۲۷۷ ۲
* عَروسیہ	سلسلۂ شاذلیہ کی ایک شاخ ، ایک درویش سلسلے کا نام ؛ بانی : ابو العباس احمد بن محمد بن عبدالسلام بن ابو بکر بن العروس .	۲۷۸ ۲

marfat.com

Marfat.com

عنوان	اشارات	صفحہ	عمود
⊗ * عَروض :	عربی اشعار کے علم اوزان وقوافی کا اصطلاحی نام .	۲۷۸	۲
* عَروضی :	رک به نظامی عروضی .	۳۰۷	۱
* عَریب بن سَعد :	الکاتب القرطبی ، اندلس کے اموی خلیفه الحکم ثانی کا کاتب. (م حدود ۳۷۰ھ/۹۸۰ء) .	۳۰۷	۱
* العَریش :	(عریش المصر) ، فلسطین اور مصر کے درمیان بحیرۂ روم کے ساحل پر ایک شہر .	۳۰۸	۲
⊗ العَرِیضَه :	رک به دفتر .	۳۰۹	۱
* عَرِیف :	(نقیب) ، قدیم اسلامی عہد میں بعض سرکاری عہدے داروں کے لیے مستعمل ایک اصطلاح .	۳۰۹	۱
* عَزازیل :	شیطان کا نام .	۳۱۲	۱
* عَزَب :	(غیر شادی شدہ) ، اصطلاحاً تیرھویں اور انیسویں صدی عیسوی کے درمیان ترک فوج کے بعض دستوں کے سپاھیوں کو دیا جانے والا ایک لقب .	۳۱۲	۲
⊗ عِزرائیل :	موت کے فرشتے کا نام .	۳۱۳	۱
* عِزت پاشا :	احمد عزت فرگج (۱۸۶۴ تا ۱۹۳۷ء) ، ایک عثمانی سیاستدان اور ترک افواج کا سپه سالار .	۳۱۵	۲
* عِزت مُلّا :	کچه جی زاده محمد عزت افندی ، سلطان محمود ثانی کے عہد کا ایک ممتاز ترک مدبر اور شاعر (م ۱۲۴۵ھ/۱۸۲۹ - ۱۸۳۰ء) .	۳۲۱	۱
* عِزّالدوله :	بعض مسلمان امرا، مثلاً بختیار بویہی وغیرہ کا اعزازی لقب .	۳۲۲	۱
* عِزّالدین :	امرا اور بعض اوقات علما کا اعزازی لقب .	۳۲۲	۱
* عَزّہ :	رک به کثیر .	۳۲۲	۱
* عَزّة المَیلاء :	پہلی صدی ہجری /ساتویں صدی عیسوی میں مدینے کی ایک مشہور و معروف مغنیه اور نے نواز .	۳۲۲	۱
* عِزی :	وقائع نویس سلیمان عزی افندی ، ایک ترک شاہی مؤرخ اور شاعر (م ۱۱۶۸ھ/۱۷۵۵ء) .	۳۲۲	۲
* العزی :	عربوں کی ایک قدیم دیوی اور دور جاھلی میں طائف کے مقام پر نصب ایک صنم .	۳۲۳	۱
⊗ * عَزل :	ایک مانع حمل فعل (یعنی Coitus interruptus) ، علم فقه کی ایک اصطلاح .	۳۲۵	۱
* عزمی زاده مصطفی :	(۹۷۷ھ/۱۵۷۰ء تا ۱۰۴۰ھ/۱۶۳۱ء) ، عہد عثمانیه کا ایک ترک شاعر اور صاحب طرز ادیب .	۳۲۶	۲
⊗ عُزیر :	قرآن مجید میں مذکور بنی اسرائیل کے ایک قدیم پیغمبر .	۳۲۸	۱
* العَزیز :	رک به الاسماء الحسنیٰ .	۳۲۹	۲

marfat.com

Marfat.com

عنوان	اشارات	صفحہ	عمود
* العزیز	رکّ بہ ابویہ ۔	٣٢٩	٢
* عزیز افندی	رکّ بہ علی عزیز گِردلی ۔	٢٢٩	٢
* عَزِیزِ مصر	حضرت یوسف علیہ السلام کو خریدنے والا مصر کا ایک اعلی اور مقتدر عہدیدار ۔	٣٢٩	٢
* العزیز باللہ	نزار ابو منصور ، پانچواں فاطمی خلیفہ اور مصر میں بنو فاطمہ کا پہلا حکمران (از ٣٦٥ھ/٩٧٥ء تا ٣٨٦ھ/٩٩٦ء) ۔	٣٣٠	١
* عَزیزی	رکّ بہ قرہ چلبی زادہ ۔	٣٣٥	٢
* عَزیزی	ایک ممتاز عثمانی شاعر (م ٩٩٣ھ/١٥٨٥ء) ۔	٣٣٥	٢
* عزیمت	(استقامت) ، علم فقہ ، نیز علم سحر و نیرنجات کی ایک اصطلاح ۔	٣٣٦	٢
* عَسَس	اسلامی عہد میں شہروں میں رات کے وقت گشت کرنے یا پہرہ دینے والی جماعت ۔	٣٣٦	٢
* عَسقَلان	فلسطین کے جنوبی ساحل پر ایک قدیم شہر ۔	٣٣٩	١
* العَسقَلانی	رکّ بہ ابن حجر العسقلانی ۔	٣٤٢	١
* العَسکَر	رکّ بہ جیش ۔	٣٤٢	١
* العسکر	رکّ بہ عسکر سامرا ۔	٣٤٢	١
* عَسکر سامَرا	یا عسکر المعتصم ، سامرا کی تاسیس کے زمانے (٢٢١ھ/٨٣٦ء) میں ترک سپاہیوں کے ساتھ خلیفہ المعتصم کی خیمہ گاہ ۔	٣٤٢	١
* عَسکَر مُکْرَم	قدیم ایام میں رستم قواذ کے کھنڈروں کے متصل ایک خیمہ گاہ یا چھاؤنی ۔	٣٤٢	٢
* عسکری	(عسکر سے) ، فوجی سپاہی ، عثمانی اصطلاح میں فرمانروا ۔	٣٤٣	١
* العسکری	دو عربی لغوی : (١) ابو احمد الحسن بن عبداللہ بن سعید (٢٩٣ھ/٩٠٦ء تا ٣٨٢ھ/٩٩٣ء)، مصنف کتاب التصحیف ؛ (٢) ابوھلال الحسن بن عبداللہ بن سھل ، مصنف کتاب الفروق اللغویہ وغیرہ (م ٤٠٠ھ/١٠١٠ء) ۔	٣٤٣	٢
* العَسکَری	رکّ بہ حسن عسکری ۔	٣٤٦	١
* عَسیر	مغربی عرب کا ایک علاقہ ۔	٣٤٦	١
* عشاء	رکّ بہ صلوۃ ۔	٣٤٦	٢
* عُشاق	ایشیائے کوچک میں ولایت خداوندگار کی سنجاق کوتاھیہ میں ایک قضا کا صدر مقام ۔	٣٤٦	٢
⊗ عُشر	پیداوار پر وصول کیا جانے والا ایک شرعی محصول ۔	٣٤٧	١
* عَشرہ مُبَشَّرۃ	دنیا ھی میں جنتی ھونے کی بشارت پانے والے دس جلیل القدر صحابہ" ۔	٣٥٠	٢
* العشّاب	جڑی بوٹیاں جمع کرنے یا فروخت کرنے والا ۔	٣٥١	١
* عُشاقی زادہ	دو معروف ترک خاندان : (١) قاضی مکہ اور نقیب الاشراف سیرپک زادہ عبدالرحمن افندی کے داماد عشاقی زادہ عبدالباقی، بانی سلسلۂ عشاقیہ (م ٣٠ھ/		

marfat.com
Marfat.com

عنوان | اشارات | صفحہ عمود

م ۱۰۰۳ھ/۱۵۹۴ء - ۱۵۹۵ء) کی اولاد ؛ (۲) انیسویں صدی کے اواخر میں سمرنا کے تجار اور سرکردہ لوگوں کا ایک خاندان .

۳۵۱ ۲

* عِشق : زبان و ادب اور تصوف و سلوک کی ایک اصطلاح ، بمعنی محبت ، وفور شوق .

۳۵۲ ۲

* عشق آباد : ۱۹۲۴ء سے سوویٹ جمہوریہ ترکستان کا صدر مقام اور ایک معروف شہر.

۳۵۴ ۲

* عَشی : شام ، رات ، نماز عشا کا وقت .

۳۵۶ ۱

* عَشیرہ : قبیلہ کا مترادف ، نیز قبیلے کی ایک شاخ .

۳۵۶ ۱

⊗ عَصا : چھڑی ، لاٹھی ، ڈنڈا .

۳۵۷ ۱

* عِصامی : خواجہ عبدالملک عصامی (ولادت : نواح ۷۱۱ھ/۱۳۱۰ء)، ہندوستان کا ایک فارسی شاعر اور غزنویوں کے عہد سے ۷۵۰ھ/۱۳۴۹ء تک کے مسلمان فاتحین و سلاطین کے بارے میں رزمیہ مثنوی فتوح السلاطین یا شاھنامہ ھند کا مصنف (حیات ۷۵۱ھ/۱۳۵۰ء) .

۳۵۹ ۱

* عَصَبَہ : رک بہ (۱) علم (میراث) ؛ (۲) الفرائض .

۳۶۰ ۲

* عَصَبِیہ : کسی خاندان یا قبیلے میں نسبی رشتے کا جذبہ ، بعد ازاں قومی حمیت کے مفہوم میں ایک اصطلاح .

۳۶۰ ۲

* عَصر : وقت ، زمانہ ، سہ پہر ، نیز ایک نماز کا نام .

۳۶۱ ۲

⊗ العصر : قرآن مجید کی ایک سو تیسری سورۃ .

۳۶۱ ۲

* عَصّار : شمس الدین محمد، ایک ایرانی شاعر ، مصنف مثنوی مہر و مشتری (م ۷۸۵ھ/ ۱۳۸۳ء) .

۳۶۲ ۲

⊗* عِصمۃ : اصول و عقائد دین میں خطا و گناہ سے مبرّا ہونا ، علم عقائد و کلام کی ایک اصطلاح .

۳۶۳ ۱

⊗ عصمت انونو : یا عصمت پاشا (۱۸۸۰ء تا ۱۹۷۳ء) ،جدید ترکیہ کا نامور قائد ، مدبر، سپہ سالار ، فاتح سمرنا ، اتاترک کا دست راست اور وزیر اعظم اور بعد ازاں صدر جمہوریہ .

۳۶۳ ۲

* العِضادہ : علم ہیئت کی اصطلاح ، اصطرلاب کی پشت پر مرتسم خط یا بصریہ .

۳۶۶ ۲

* عَضُدُالدولہ : ابو شجاع فنا خسرو ابن رکن الدولہ بویہی ، امیر الامراء اور بویہی حکمران (از ۳۳۸ھ/۹۴۹ء تا ۳۷۲ھ/۹۸۳ء) .

۳۶۶ ۲

* عَضُدُالدین الایجی : رک بہ الایجی .

۳۶۹ ۲

* عضدالدین ابو الفرج : محمد بن عبداللہ، خلیفہ المستضی کا وزیر (م ۵۷۳ھ/۱۱۷۹ء).

۳۷۰ ۱

* اَلعَضدم : دریائے دجلہ کا ایک مشرقی معاون .

۳۷۰ ۱

* عَطاء : (بخشش ، عطیہ) ، ابتدائی دور میں مسلمانوں کی پنشن اور آگے چل کر فوجیوں کی تنخواہ کے لیے مستعمل ایک اصطلاح .

۳۷۱ ۱

marfat.com

Marfat.com

عنوان	اشارات	صفحہ	عمود
* عطارد	شمسی نظام کا ایک معروف سیارہ .	٣٧٣	٢
* عطاء بن ابی رباح	مکہ معظمہ کا ایک قدیم نامور فقیہ (م ١١٤ھ/٧٣٢ء یا ١١٥ھ/٧٣٣ء) .	٣٧٥	٢
* عطاء اللہ شاہ بخاری	رک بہ مجلس احرار .	٣٧٦	٢
* عطاء بے	طیار زادہ عطاء اللہ احمد ، عہد عثمانیہ کا ایک ترک مؤرخ اور مصنف تاریخ عطاء (م ١٢٩٣ھ/١٨٧٧ء یا ١٢٩٧ھ/١٨٨٠ء) .	٣٧٦	٢
* عطاء ملک جوینی	رک بہ الجوینی .	٣٧٦	٢
* عطائی	عطاء اللہ بن یحیی بن پیر علی بن نصوح ، المعروف بہ نوعی زادہ عطائی (٩٩١ھ/١٥٨٣ء تا ١٠٤٥ھ/١٦٣٦ء) ، مشہور ترک شاعر ، معلم ، قاضی اور مشہور تذکرہ الشقائق النعمانیہ کا متمم .	٣٧٦	٢
* العطار	عطر فروش ، دوا فروش ، جڑی بوٹیاں بیچنے والا .	٣٧٨	٢
* العطار، حسن بن محمد	١١٨٠ھ/١٧٦٦ء تا ١٢٥٠ھ/١٨٣٥ء) ، ایک مغربی الاصل مصری عالم ، سرکاری اخبار الوقائع المصریہ کا رئیس ادارہ اور مصنف کتاب انشاء العطار .	٣٧٨	٢
* عطار ، فرید الدین محمد بن ابراہیم	(٥١٣ھ/١١١٩ء تا ٥٨٦ھ/١١٩٠ء) ، مشہور صوفی بزرگ اور فارسی شاعر ، مصنف منطق الطیر وغیرہ .	٣٧٩	١
* عطف	صرف و نحو کی ایک اصطلاح ، بمعنی دو مفرد لفظوں یا جملوں کو کسی حرف کے ذریعے مربوط کر دینا .	٣٨٦	١
● عظمت اللہ خاں	(١٨٨٨ تا ١٩٢٧) ، جدید اردو ادب کی ایک اہم شخصیت ، صاحب طرز شاعر اور نقاد .	٣٨٧	١
* عظیم	رک بہ الاسماء الحسنی .	٣٨٩	١
* عظیم اللہ خان	جنگ آزادی ١٨٥٧ء کے ایک ممتاز قائد اور ماہر فنون حرب (م لواح ١٢٧٥ھ/١٨٥٧ء) .	٣٨٩	١
* العظیمی	محمد بن علی بن محمد ابو عبداللہ التنوخی ، المعروف بہ عظیمی (٤٨٣ھ/١٠٩٠ء تا بعد از ٥٥٦ھ/١١٦١ء) ، حلب کا ایک وقائع نگار اور مصنف تاریخ حلب .	٣٩٠	٢
* عفار	(عفر) ، رک بہ دلقلی .	٣٩١	١
* عفریت	قوی ، بد اور عیار فرد ، خصوصاً شیطان اور خبیث جن .	٣٩١	١
* عفرین	دریائے العاصی کا ایک معاون .	٣٩٢	١
* عفص	مازو .	٣٩٣	١

marfat.com
Marfat.com

عنوان	اشارات	صفحه	عمود
* العَفُوّ :	رکّ به الاسماء الحسنٰی .	۳۹۳	۲
* عفیف الدین التلمسانی :	رکّ به التلمسانی .	۳۹۳	۲
* عقائد :	رکّ به (۱) عقیده ؛ (۲) علم (العقائد) .	۳۹۳	۲
* عِقاب :	ایک اسلامی اصطلاح ، بمعنی سزا ، بدله ، بالخصوص مرنے کے بعد مجرم کو خدا کی طرف سے ملنے والی سزا .	۳۹۳	۲
* عُقاب :	(۱) پرندوں کا بادشاہ ؛ (۲) علم ہیئت میں ایک صورت فلکی ؛ (۳) علم کیمیا میں نوشادر .	۳۹۳	۲
* حِصن العقاب :	(Las Navas de Tolosa) ، اندلس کے جنوبی حصے میں عہد اسلامی کا ایک مشہور قلعه اور اہم معرکه گاہ .	۳۹۵	۲
* عَقارب :	رکّ به عقرب .	۳۹۵	۲
* عقال :	رکّ به عمامه .	۳۹۵	۲
* عَقَبة النساء :	رکّ به بغراس .	۳۹۵	۲
* العَقَبة :	شرق اردن کی ہاشمی سلطنت کی واحد بندر گاہ .	۳۹۵	۲
* العَقَبة :	منی اور مکه کے درمیان انصار مدینه کی آنحضرت صلی اللہ علیه وآله وسلم کے مبارک ہاتھوں پر بیعت کا مقدس مقام .	۳۹۷	۱
* عقبه بن نافع :	بن عبد قیس القرشی الفہری ، شمالی افریقه میں ابتدائی عرب فتوحات کو استوار اور محکم بنانے اور بربری مقاومت کو ختم کرنے والا نامور سپه سالار (م ۶۳ھ/۶۸۳ع) .	۳۹۷	۲
* عَقد :	اسلامی شریعت کی اصطلاح ، بمعنی کوئی ایک قانونی سلسلۂ عمل ، مثلاً معاہدہ ، یا کوئی یک طرفه اعلان مثلاً وصیت وغیرہ .	۴۰۰	۲
⊗ عُقَد الانامل :	رکّ به حساب العقد .	۴۰۵	۱
● العَقْد :	رکّ به حساب العقد .	۴۰۵	۱
* عقرب :	بچھو .	۴۰۵	۱
* عقرباء :	دو جگہوں کا نام : (۱) یمامه کی سرحد پر مسلمانوں اور حامیانِ مسیلمهٔ کذاب کے مابین جنگ کا مقام ؛ (۲) جولان کے غسانی بادشاہوں کی ایک سکونت گاہ .	۴۰۶	۲
* عقربی :	نواح عدن کا ایک جنوبی عرب قبیله .	۴۰۶	۱
* عَقَرقوف :	بغداد کے مغرب میں زمانه قبل از مسیح کا ایک ویران شہر .	۴۰۷	۱
* عَقعَق :	یورپی مینا .	۴۰۸	۱
* عَقل :	فقه ، سمجھ ، انسانی خواص میں سے ایک .	۴۰۸	۲
* عقلیات :	علم الکلام کی ایک اصطلاح .	۴۱۰	۱
* عقوبات :	رکّ به (۱) عذاب ؛ (۲) حد .	۴۱۱	۱

marfat.com
Marfat.com

عنوان — اشارات	صفحہ	عمود
* عقید : عرب بدووں کی مہمات اور لڑائیوں میں سپہ سالار .	٣١١	١
● عقیدہ : رک بہ علم (العقائد) .	٣١١	٢
* عقیق : ایک قیمتی پتھر .	٣١٣	٢
* العقیق : کئی وادیوں ، کانوں اور دوسری جگہوں کا نام .	٣١٤	١
⊗* عقیقہ : بچے کی ولادت کے ساتویں دن دی جانے والی قربانی .	٣١٦	١
* عقیلؓ بن ابی طالب : ایک مشہور اور مدبر صحابی ، حضرت علیؓ اور حضرت جعفر طیارؓ کے بڑے بھائی (م ٥٠ھ/ ٦٧٠ء) .	٣١٨	١
* عقیل ، بنو : (١) ایک قدیم عربی قبیلہ ؛ (٢) بنو عقیل (مقامی تلفظ عگیل) ، کارواں سالاروں اور شتر فروشوں کا نام .	٣١٨	٢
* عُقَیلیہ : الموصل کا ایک حکمران خاندان .	٣٢٣	١
* عَکّ : ایک قدیم عربی قبیلہ .	٣٢٦	٢
* عکاظ : دور قدیم میں اپنے سالانہ میلے کے باعث معروف ، طائف اور نخلہ کے درمیان ایک نخلستان .	٣٢٧	١
* عُکّہ : فلسطین کی بندرگاہ اور صلیبی جنگوں کی مشہور معرکہ گاہ .	٣٢٨	١
* العکوک : ایک عرب قصیدہ گو شاعر علی بن جبلہ (١٦٠ھ/٧٧٦ء تا ٢١٣ھ/٨٢٨ء) کا لقب .	٣٢٩	١
* علاء : ایک تعظیمی لقب ، مثلاً علاء الدولہ ، علاءالدین وغیرہ .	٣٢٩	٢
* علاء الدولہ : رک بہ کاکویہ (بنو) .	٣٣٠	١
* علاء الدولہ السمنانی : (٦٥٩ھ/١٢٦١ء تا ٧٣٦ھ/١٣٣٦ء) ، رکن الدین ابوالمکارم احمد بن شرف الدین محمد بن احمد البیابانکی ، ایک نامی گرامی صوفی اور مصنف مشارع ابواب القدس وغیرہ .	٣٣٠	١
* علاء الدین : رک بہ غوری .	٣٣٣	١
* علاء الدین بیگ : المعروف بہ علاء الدین پاشا ، سلطنت عثمانیہ کے بانی عثمان کا بیٹا (م نواح ١٣٣٣ء) .	٣٣٣	١
* علاء الدین حسین پاشا : رک بہ حسین شاہ .	٣٣٤	٢
* علاء الدین محمد ابن حسن : رک بہ الموت .		
* علاء الدین محمد خلجی : رک بہ خلجی .	٣٣٤	٢
* علائیہ : رک بہ الائیہ .	٣٣٤	٢
* علاقہ : رک بہ نسبة ، در اآ لائیڈن ، بار دوم .	٣٣٤	٢
* العلاقی : دریائے نیل اور بحیرۂ احمر کے درمیان نوبۂ زیریں کی ایک وادی .	٣٣٤	٢
* علامة : نشان توثیق یا امضای مختصر ، اسلامی مغربی ممالک میں خاندان موحدیه		

marfat.com

Marfat.com

عنوان	اشارات	صفحہ	عمود
	کے زمانے سے دفتر خانے کے تمام سرکاری کاغذات پر مختصر دستخطی کے لیے مستعمل ایک اصطلاح .	٤٣٥	١
* علام :	عالم سے مبالغے کا صیغه ، مختلف علماء کے القاب .	٤٣٥	٢
* علامی :	رک به ابوالفضل .	٤٣٥	٢
⊗ علامی :	جملة الممالک مدارالمهام علامی فهامی سعد الله خان بن شیخ امیر بخش چنیوٹی ثم لاهوری ، اپنے زمانے کی ایک نادر و ممتاز شخصیت ، عہد شاهجهانی میں وزیر اعظم (م ١٠٦٦ھ/١٦٥٦ء) .	٤٣٥	٢
* علث :	(یا العلث) ، بغداد کے شمال میں ایک قصبه .	٤٣٨	١
⊗ العلق :	قرآن مجید کی چھیانویں سورة .	٤٣٩	١
* علقمه :	بن عبدة التمیمی الملقب به النحل ، چھٹی صدی عیسوی کے نصف اول کا ایک قدیم عرب شاعر .	٤٤٠	١
* العلقمی :	دریاے فرات کی ایک مغربی شاخ .	٤٤١	٢
* علم :	نشان مقام و راه ، پرچم ، لواء .	٤٤٢	١
⊗* علم :	جهل کی ضد :	٤٤٣	٢
	(الف) لغوی بحث ؛	٤٤٣	٢
	علم کی باضابطه تعریفیں ؛	٤٤٥	١
	علم کے مختلف تصورات :	٤٤٧	٢
	قرآن مجید کی رو سے ؛		
	علم حدیث کی رو سے ؛	٤٥١	٢
	فقها اور متکلمین کی رائے ؛	٤٥٥	١
	عقلی تصورات ؛	٤٥٩	١
	شیعی تصورات ؛	٤٧٤	٢
	صوفیه کے خیالات ؛	٤٨٣	
	قدیم اسلامی نظریے کی خصوصیات ؛	٤٨٨	٢
	یورپی نشاه الثانیه پر اسلامی تحریک کا اثر ؛	٤٩١	١
	مسلمانوں کا علمی نظریه ، دور جدید) ،	٤٩٧	١
	(ب) علوم مدونه .	٥٠١	١

marfat.com

Marfat.com

جلد ۱/۱۴

عنوان	اشارات	صفحہ	عمود
	۱ - علوم دینیه :	۱	۱
⊗	(۱) علوم القرآن (نیز رک به قرآن) :	۱	۱
⊗	(۲) علوم الحدیث :	۲	۱
⊗	(۳) علوم الفقه ؛	۱۱	۱
⊗	(۴) علم المیراث :	۲۲	۱
⊗	(۵) علم العقائد ؛	۴۲	۱
⊗	(۶) علم کلام [نیز رک به ، (۱) علم نحو : (۲) کلام]؛	۶۱	۱
⊗	(۷) علم تصوف : (نیز رک به تصوف) ؛	۱۲۳	۲
⊗	(۸) علم الاخلاق ؛	۱۳۴	۲
⊗	(۹) علم النفس ؛	۱۴۲	۱
	۲ - دیگر علوم :		
⊗	(۱) سوانحی اور تاریخی ادب :	۱۷۳	۲
⊗	سوانحی ادب :	۱۷۲	۲
	(الف) دینی سوانحی ادب ؛	۱۷۴	۱
⊗	علم سیرة ؛	۱۷۴	۲
⊗	علم رجال (رک به اسماء الرجال) ؛	۱۸۵	۲
⊗	علم طبقات .	۱۸۵	۲
	(ب) عام (غیر دینی) سوانحی ادب :	۱۸۵	۲
⊗	معجمات ؛ وفیات ؛	۱۸۵	۲
⊗	اخبار ؛ تذکره ؛ سوانحعمری .	۱۸۶	۱
	(ج) تاریخی ادب :	۱۸۷	۱
⊗	تاریخ (رک بآں) ؛ بدائع وقائع .	۱۸۷	۱
⊗	تاریخی قصص و حکایات : (رک به تاریخ ، حکایة ، قصه).	۱۹۴	۲
	(۲) جغرافیه :	۱۹۵	۱
⊗	(الف) علم جغرافیه (رک به جغرافیه) ؛	۱۹۵	۱
*⊗	(ب) علم العجائب ؛	۱۹۵	۱

marfat.com
Marfat.com

	عنوان	اشارات	صفحه	عمود
	۳ ـ علوم الادب واللسان :			
⊗	تمهید :		۱۹۸	۱
⊗	علم الصرف ؛		۱۹۹	۱
⊗	علم نحو ؛		۲۰۳	۱
⊗	علم الاشتقاق ؛		۲۰۶	۱
⊗	علم اللغة ؛		۲۰۹	۲
⊗	انشا :	[رک بآں] ؛	۲۳۰	۲
⊗	بلاغت :	[رک بآں] ؛	۲۳۰	۲
⊗	معانی و بیان :	رک به (۱) بیان ؛ (۲) معانی ؛	۲۳۰	۲
⊗	فنون شعر :	رک به (۱) فن (شعر و شاعری)؛ (۲) شاعر؛	۲۳۰	۲
	محاسن ادب و نقد ادب :	رک به (۱) بلاغت ؛ (۲) بیان ؛ (۳) ادب .	۲۳۰	۲
	جدید نظم :			
⊗	(الف) عربی :	رک به العربیه ؛	۲۳۰	۲
⊗	(ب) فارسی :	رک به ایران ؛	۲۳۰	۲
⊗	(ج) اردو :	رک به (۱) اردو ؛ (۲) پاکستان ؛	۲۳۰	۲
⊗	(د) ترکی .		۳۳۰	۲
⊗	جدید نثر :	رک به انشا .	۲۳۶	۲
	۴ ـ علوم الحکمیه :			
⊗	تمهید :		۲۳۴	۱
⊗	علم الٰہیات ؛		۲۴۲	۲
⊗*	علم منطق ؛		۲۴۸	۱
⊗	علوم ریاضیات :		۲۶۱	۲
⊗	تمهید ؛		۲۶۱	۲
⊗*	علم الحساب ؛		۲۶۵	۲
*	علم الهندسه ؛		۲۶۹	۱
*	علم المساحة ؛		۲۸۱	۲
*	علم الجبرو المقابله	[رک بآں] ؛	۲۸۴	۲
⊗*	علم هیئت ؛		۲۸۴	۲
⊗	علم زیج و تقویم :	رک به (۱) تاریخ ؛ (۲) زبان ؛	۳۰۲	۱
⊗	علم المثلثات ؛		۳۰۳	۱
⊗	علم جمل :	رک جُمل ؛	۳۰۴	۲

marfat.com

Marfat.com

	عنوان	اشارات	صفحه	عمود
*	علم نجوم :		۳۰۳	۲
⊗	علم جفر : رکّ به جفر :		۳۱۱	۲
*	علم الحروف :		۳۱۱	۲
*	علم سیمیاء :		۳۱۳	۲
⊗	علم رمل :		۳۱۷	۱
⊗	علم موسیقی : رکّ به فن (موسیقی) :		۳۲۱	۱
⊗	علم حساب العقد : رکّ به حساب العقد :		۳۲۱	۱
⊗	علم حساب الغبار : رکّ به حساب الغبار :		۳۲۱	۱
⊗	۵ - علوم طبیعیه :		۳۲۱	۲
⊗	تمهید		۳۲۱	۲
⊗	علم طبیعیات :		۳۲۳	۲
⊗*	علم الکیمیا :		۳۲۹	۱
⊗	علم المعادن .		۳۳۷	۲
	۶ - علوم عملی طبیعیات :			
⊗	علم طب :		۳۵۰	۱
*	علم فلاحت .		۳۵۹	۲
⊗	۷ - علوم حکمت عملی :		۳۸۶	۲
⊗	علم سیاسیات : رکّ به سیاست ؛		۳۸۶	۲
⊗	علم معاشیات :		۳۸۶	۲
⊗	علم عمرانیات .		۳۸۶	۲
	۸ - طلسم و نیرنجات :		۳۹۷	۱
⊗	علم تعبیر خواب : رکّ به الرؤیاء ؛		۳۹۷	۱
	علم فال .		۳۹۷	۱
	۹ - قصص و حکایات :		۵۰۲	۲
⊗	حکایة : [رکّ بآں] :		۵۰۲	۲
⊗	قصه : [رکّ بآں] :		۵۰۲	۲
⊗	مقامه :		۵۰۲	۲
⊗	علم محاضرات .		۵۰۹	۱
	۱۰ - صناعات و متفرقات :			
	(۱) صناعات :			
⊗	علم بحرّیات : رک به (۱) ابن ماجد ؛ (۲) بار بورجه ؛ (۳) سلیمان المهری ؛		۵۱۲	۱

marfat.com
Marfat.com

عنوان	اشارات	صفحه	عمود
⊗	علم حربيات : رکّ به محمد رسول الله صلى الله عليه وسلم (بذيل غزوات) ؛	٥١٢	١
*	علم (فن) الفروسيه .	٥١٢	١
	(٢)- متفرقات :		
⊗	علم الجمال :	٥١٨	٢
⊗	علم (تعليم والتعلم) : رکّ به المتعلم والمعلم .	٥٢١	١
⊗	علماء : رکّ به المتعلم و المعلم .	٥٢١	٢

marfat.com
Marfat.com

عنوان	اشارات	صفحه	عمود
⊗ عَلَمدار	عباس بن علیؓ بن ابی طالب، حضرت علیؓ کے بیٹے اور میدان کربلا میں فوج حسینیؓ کے علمبردار (م محرم الحرام ۶۱ھ).	۱	۱
⊗ العَلَمی	عَلَم الدین (م ۷۹۰ھ/۱۳۸۸ء) سے منسوب یروشلم کا ایک قدیم خاندان.	۳	۲
⊗ العَلَمی	محمد بن الطیّب (م ۱۱۳۴ یا ۱۱۳۵ھ/۱۷۲۱ء)، مراکش کا ایک شاعر اور ادیب، مصنف انیس المطرب.	۵	۲
⊗ عِلْمیّه	عدلیه اور مدارس سے متعلق دولت عثمانیه میں بلند پایه علما کی ایک جماعت.	۶	۱
⊗ عَلْوا (یا عَلْوة)	نُوبه (رک بآں) کی ایک قوم اور سلطنت کا نام.	۱۰	۲
⊗ عَلُوک	رک به الجنّ.	۱۱	۳
*⊗ عُلُوم	رک به علم (علوم مُدوّنه).	۱۱	۱
* عَلَوِی	جنوبی یمن کا ایک قبیله اور ضلع.	۱۱	۱
* عَلَوِیون	(علویه)، مراکش کا موجوده حسنی النسل حکمران خاندان (از ۱۰۷۵ھ/۱۶۶۴ء).	۱۱	۲
* عَلَویّه	بنو علیؓ، یعنی حضرت علیؓ کی اولاد و احفاد.	۱۹	۱
* العَلِی	رک به الاسماء الحسنیٰ.	۲۳	۱
⊗ علیؓ بن ابی طالب	آنحضرت صلی الله علیه وآله وسلم کے ابن عم اور داماد، خلیفه رابع (از ۳۶ تا ۴۰ھ)، اثنا عشری شیعوں کے امام اول اور عظیم بطل اسلام (شهادت ۱۷ رمضان المبارک ۴۰ھ).	۲۳	۱
* علی بن الجهم	بن بدر بن الجهم السامی، بحرین کے قبیلے بنو سامه بن لؤی کا ایک عرب شاعر (م ۲۴۹ھ/۸۶۳ء).	۷۲	۱
* علی بن الحسن بن المُسلِمه	رک به ابن المسلمه.	۷۳	۱
* علی (سیدی علی) حسین	تخلص کیاتب رومی، ایک ترک امیر البحر، شاعر، محقق اور مصنف (م بعد از ۱۵۵۷ء).	۷۳	۱
* علی بن الحسین التونُسی	رک به زین العابدین، در ۱۱ لائیڈن، بار دوم.	۷۳	۲
*⊗ علیؓ بن الحسینؓ، زین العابدینؓ	حضرت علیؓ کے پوتے اور اهل بیت نبویؐ کے چشم و چراغ، فرقه امامیه کے چوتھے امام (م ۹۲ھ/۷۱۰ء یا ۹۴ھ/۷۱۲ء).	۷۳	۲
* علی بن الحسین بن محمد بن احمد القرشی	رک به ابو الفرج الاصبهانی.	۸۷	۱

marfat.com

Marfat.com

عنوان	اشارات	صفحہ	عمود
⊛ علی بن حمّود	رکّ بہ حمّودیون (بنو حمود) .	۸۷	۱
* علی بن ربن الطبری	ابو الحسن علی بن سہل (۱۹۲ھ/۸۰۸ء تا ۲۴۷ھ/۸۶۱ء)، ایک یگانۂ روزگار طبیب، فلسفی اور فردوس الحکمۃ کا مصنف .	۸۷	۱
⊛ علی بن رضوان	ابو الحسن، مصر کا مشہور طبیب، ماہر فلکیات، ریاضی دان اور متعدد کتابوں کا مصنف (م ۴۵۳ھ/۱۰۶۱ء) .	۸۸	۱
* علی بن زید البیہقی	رکّ بہ البیہقی .	۸۸	۲
* علی بن شمس الدین	گیلان کی ایک تاریخ (تاریخ خانی) کا مصنف .	۸۸	۲
* علی بن شہاب الدین بن محمد الہمدانی	الملقب بعلی الثانی (۷۱۴ھ / ۱۳۱۴ء تا ۷۸۶ھ/۱۳۸۵ء)، ایک صوفی بزرگ اور کشمیر کے سب سے پہلے اسلامی مبلغ .	۸۹	۱
* علی بن صالح	رکّ بہ واسع عَلیسی .	۹۰	۱
* علی بن ظافر الازدی	ابو الحسن جمال الدین (ولادت ۵۶۷ھ/۱۱۷۱ء)، ایک عرب مؤرخ، ادیب اور مختلف کتب مثلاً الدول المنقطعہ کا مصنف .	۹۰	۱
* علی بن العباس المجوسی	(Haly Abbas)، فن طب پر قرون وسطی کا مصنف اور صاحب کتاب الصناعۃ یا کتاب الملکی (م مابین ۹۸۲ و ۹۹۵ء) .	۹۰	۲
* علی بن عبداللہ بن العباسؒ	(۴۰ھ/۶۶۱ء تا ۱۱۷ - ۱۱۸ھ/۷۳۵ - ۷۳۶ء)، خلفاے بنو عباس کے جد امجد .	۹۱	۱
* علی بن عِیسیٰ	رکّ بہ ابن الجراح .	۹۲	۱
* علی بن عِیسیٰ	پانچویں صدی ہجری / گیارھویں صدی عیسوی کا معروف ترین عرب ماہر امراض چشم اور مصنف تذکرۃ الکحالین .	۹۲	۱
* علی بن غانیہ	رکّ بہ غانیہ، بنو .	۹۳	۲
* علی بن محمدؑ	النقی، الہادی (۲۱۴ھ/۸۲۹ء تا ۲۵۴ھ/۸۶۸ء)، اثنا عشریہ کے دسویں امام .	۹۳	۲
* علی بن محمد الزّنجی	المعروف بہ الزنج، جنوبی عراق کے دہشت‌گرد اور شورش پسند حبشی غلاموں (رکّ بہ زنج) کا سردار (م ۲۷۰ھ/۸۸۳ء) .	۹۸	۱
* علی بن محمد (الصُّلَیحی)	رکّ بہ صُلَیحی .	۹۹	۱
* علی بن محمد القوشجی، علاءالدین	ماہرہیئت، ریاضی دان اور صاحب حل اشکال القمر (م ۸۷۹ھ/۱۴۷۴ء) .	۹۹	۱
* علی بن معصوم	رکّ بہ علی خان .	۱۰۰	۱
⊗ علی بن موسی الرضاؑ	الملقب بہ سلطان العرب و العجم و امام ثامن ضامن (۱۴۸ھ/		

marfat.com

Marfat.com

عنوان	اشارات	صفحه	عمود
	۷۶۵ء تا ۲۰۳ھ/۸۱۸ء) ، اثنا عشریہ کے آٹھویں امام .	۱۰۰	۱
* علی بن مہدی :	رک بہ المہدی (آل) .	۱۰۶	۲
* علی بن میمون بن ابی بکر الادریسی المغربی :	(نواح ۸۵۴ھ/۱۴۵۰ء تا ۹۱۷ھ/۱۵۱۱ء)، بربر نسل سے (مگر علوی ہونے کے مدعی) مشہور مراکشی صوفی .	۱۰۶	۲
* علی بن یوسف تاشفین :	المرابطی امیر، خاندان تاشفین کا دوسرا سردار اور المغرب کے بڑے حصے اور جنوبی اندلس کا فرمانروا (از ۵۰۰ھ/۱۱۰۶ء تا ۵۳۷ھ/۱۱۴۳ء) .	۱۰۷	۱
●* علی ابراہیم خان بہادر :	نواب امین الدولہ عزیز الملک خان بہادر علی ابراہیم خان خلیل عظیم آبادی (۱۱۴۸ھ/۱۷۳۵ء تا ۱۲۰۸ھ/۱۷۹۳ء) ، مشہور مؤرخ ، تذکرہ نگار ، ادیب ، شاعر، اور مصنف گلزار ابراہیم وغیرہ .	۱۱۰	۲
* علی ابو الحسن بن مامون :	رک بہ مأمونیہ .	۱۱۴	۲
* علی اکبر خطائی :	چین کے احوال و کوائف پر فارسی کتاب خطای نامہ (تصنیف ۹۲۲ھ/۱۵۱۶ء) کا مصنف .	۱۱۴	۲
* علی الٰہی :	الوہیت علیؑ کے قائل غالی شیعوں کا ایک فرقہ .	۱۱۵	۱
* علی امیری :	(۱۲۷۴ھ/۱۸۵۷ء تا ۱۳۴۲ھ/۱۹۲۳ء) ، ایک ترک عہدے دار ، مؤرخ اور صاحب تاریخ و ادبیات وغیرہ .	۱۱۵	۱
* علی بابا :	رک بہ الف لیلة ولیلة .	۱۱۵	۲
* علی بک (بے) :	مولداً قفقازی، مصر کی ایک ممتاز اور قسمت آزما شخصیت (م ۱۱۸۷ھ/۱۷۷۳ء) .	۱۱۵	۲
* علی بک بن عثمان العباسی :	(۱۷۶۶ء تا ۱۸۱۸ء) ، ایک ہسپانوی سیاح .	۱۱۸	۱
* علی پاشا تپہ دلن لی :	(۱۷۴۴ء تا ۱۸۲۲ء)، یانیہ (Jannina) اور بعد ازاں آناطولی کا والی .	۱۱۸	۱
* علی پاشا چالدارلی زادہ :	(جندری زادہ) ، دولت عثمانیہ کا قاضی عسکر ، بعد ازاں صدر اعظم (م ۸۰۹ھ/۱۴۰۷ء) ،	۱۲۱	۲
* علی پاشا چورلولی :	(۱۶۷۰ء تا ۱۷۱۱ء) ، دولت عثمانیہ کا ایک صدر اعظم .	۱۲۳	۱
* علی پاشا حکیم اوغلو :	(۱۱۰۰ھ/۱۶۸۹ء تا ۱۱۷۱ھ / ۱۷۵۸ء) ، عثمانی سلاطین محمود خان اول اور عثمان خان ثالث کے عہد کا صدر اعظم .	۱۲۴	۱
* علی پاشا خادم :	دولت عثمانیہ میں پہلے آق آغاسی، پھر بیگلر بیگی اور بالآخر صدر اعظم (م ۹۱۷ھ/۱۵۱۱ء) .	۱۲۵	۲
* علی پاشا داماد :	(۱۰۷۹ھ/۱۶۶۷ء تا ۱۱۲۸ھ/۱۷۱۶ء) ، دولت عثمانیہ کا صدر اعظم .	۱۲۶	۱

marfat.com
Marfat.com

عنوان	اشارات	صفحه	عمود
* علی پاشا رضوان :	بیکو وچ : رک بہ رضوان بیکو وچ (در وآ لائڈن ، بار دوم) .	۱۲۷	۱
* علی پاشا سمیز :	دولت عثمانیہ کا ایک صدر اعظم (م ۹۷۲ھ/۱۵۶۵ء) .	۱۲۷	۲
* علی پاشا سورمہ لی :	دولت عثمانیہ کا ایک صدر اعظم (م ۱۱۰۶ھ/۱۶۹۵ء) .	۱۲۸	۱
* علی پاشا عرابہ جی :	(آرابہ جی ؛ نواح ۱۰۳۰-۱۰۳۲ھ/۱۶۲۰-۱۶۲۲ء تا م ۱۱۰۵ھ/ ۱۶۹۳ء) ، دولت عثمانیہ کا ایک صدر اعظم .	۱۲۸	۲
* علی پاشا کوزلجہ :	دولت عثمانیہ کا امیر البحر اعظم اور بعد ازاں صدراعظم (م ۱۶۲۱ء) .	۱۲۹	۱
* علی پاشا مبارک :	(۱۲۳۹ھ/۱۸۲۳ء تا ۱۳۱۱ھ/۱۸۹۳ء) ، ایک مصری سیاست دان اور مصنف ، صاحب الخطط الجدیدۃ التوفیقیہ .	۱۲۹	۲
* علی تگین :	ماوراء النهر کا ایک ایلخانی حکمران (م ۴۲۵ - ۴۲۶ھ/۱۰۳۴ء) .	۱۳۰	۲
* علی چلبی :	رک بہ واسع علیسی .	۱۳۱	۲
* علی حیدر :	(۱۱۰۱ھ/۱۶۹۰ء تا ۱۱۹۹ھ/۱۷۸۵ء) پنجابی کے ایک ممتاز شاعر .	۱۳۱	۲
* علی خان :	رک بہ مہدی خان .	۱۳۲	۲
⊗ علی خان ، مرزا سید :	بن احمد بن محمد الحسینی (۱۰۵۲ھ/۱۶۴۲ء تا ۱۱۱۸ھ/ ۱۷۰۷ء) ، مصنف سلافۃ العصر فی محاسن اعیان العصر ، سلوۃ الغریب ، وغیرہ .	۱۳۲	۲
● علی الرضا بن موسی بن جعفر :	رک بہ علی بن موسی الرضا .	۱۳۳	۲
* علی رضا عباسی :	(آقا رضا)، دسویں ۔ گیارھویں صدی ھجری میں ایران کا ایک مشہور مصور .	۱۳۳	۲
* علی شاہ مردان :	حضرت علیؓ کا ایک لقب .	۱۳۶	۱
* علی شیر قانع :	میر (۱۱۴۰ھ/۱۷۲۷ء تا ۱۲۰۳ھ/۱۷۸۸ء) ، ایک سندھی مؤرخ ، مقالات الشعراء اور تحفۃ الکرام وغیرہ کا مصنف .	۱۳۶	۱
* علی شیر نوائی :	علی شیر بیگ یا امیر علی شیر المتخلص بہ نوائی (۱۴۴۱ء تا ۱۵۰۱ء) ، وسط ایشیا کے ترکی ادب کی سب سے بڑی شخصیت .	۱۳۷	۱
* علی عزیز افندی گریدلی :	ایک ترک سیاستدان اور مصنف (م ۱۲۱۳ھ/۱۷۹۸ء) .	۱۵۳	۲
* علی کبیر محمد :	معروف بہ میرن جان الہ آبادی (۱۲۱۲ھ / ۱۷۹۷ء تا نواح ۱۲۶۵ھ/۱۸۴۸ء) ، فارسی زبان کے شاعر ، مصنف اور مترجم .	۱۵۴	۲
* علی کوجک :	رک بہ بکتگین .	۱۵۵	۱
* علی گڑھ :	(پرانا نام کول) ، اتر پردیش (بھارت) میں اسلامیان ہند کے تعلیمی مرکز مسلم یونیورسٹی کی بنا پر معروف شہر اور ضلعی صدر مقام .	۱۵۵	۱
* علی گڑھ تحریک :	سرسید احمد خان کے زیر قیادت اسلامیان ہند کی ایک اہم تعلیمی اور تہذیبی تحریک .	۱۵۶	۱

marfat.com

Marfat.com

عنوان / اشارات	صفحہ	عمود
⊗ **علی المتقی** : رک بہ المتقی الہندی .	۱۵۸	۲
* **علی محمد شیرازی** : رک بہ باب .	۱۵۸	۲
⊗ **علی مردان** : رک بہ مبتلا .	۱۵۸	۲
⊗ **علی مردان** : ساتویں صدی ہجری میں بنگالہ میں اقتدار حاصل کرنے والا ایک خلجی قسمت آزما (۶۱۵ھ/۱۲۱۳ء) .	۱۵۸	۲
* **علی مردان خان** : نادر شاہ کے قتل (۱۷۴۷ء) کے بعد شہرت حاصل کرنے والا ایک بختیاری سردار (م نواح ۱۱۶۳ھ/۱۷۵۰ء) .	۱۵۹	۲
⊗ **علی مردان خان ، امیرالامرا** : عہد شاہجہانی کا ایک جلیل القدر امیر ، کشمیر و پنجاب کا صوبیدار اور خوبصورت باغات اور عمارات بنوانے کا شائق (م ۱۰۶۷ھ/۱۶۵۷ء) .	۱۶۰	۱
⊗ **علی المہائمی** : الملقب بہ مخدوم ابوالحسن علاء الدین؛ ہندوستان کے ایک ممتاز عالم اور مصنف تفسیر تبصیر الرحمن وغیرہ (م ۸۳۵ھ/۱۴۳۲ء) .	۱۶۲	۱
* **علی واسع** : رک بہ واسع علی .	۱۶۳	۱
* **علی وردی خان** : الملقب بہ مہابت جنگ ، اواخر دور مغلیہ میں بہار ، بنگال اور اڑیسہ کا ایک معروف نائب السلطنت (م ۱۷۵۶ء) .	۱۶۳	۱
⊗ **علی ہجویری** : رک بہ داتا گنج بخش" .	۱۶۳	۱
* **علیم** : رک بہ (۱) الاسماء الحسنی ؛ (۲) علم .	۱۶۳	۱
⊗ **علیم الدین (حکیم)** : رک بہ وزیر خان .	۱۶۳	۱
* **العُلَیمی** : ابو الیمن مجیر الدین عبدالرحمن (۸۶۰ھ/۱۴۵۶ء تا ۹۲۸ھ/۱۵۲۲ء) ، ایک عرب مؤرخ ، مصنف الانس الجلیل بتاریخ القدس و الخلیل وغیرہ .	۱۶۳	۲
* **عِلّیون** : قرآن مجید کی ایک کثیر المعانی اصطلاح .	۱۶۵	۲
* **عماد الدولہ** : ابو الحسن علی بن بویہ الدیلمی ، بنو بویہ کا پہلا حکمران (از ۳۲۲ھ/۹۳۴ء تا ۳۳۸ھ/۹۴۹ء).	۱۶۵	۲
* **عماد الدین** : ابو عبداللہ محمد بن محمد الکاتب الاصفہانی (۵۱۹ھ/۱۱۲۵ء تا ۵۹۷ھ/۱۲۰۱ء) ، عربی کا مشہور صاحب طرز انشاپرداز اور مؤرخ ، مصنف خریدۃ القصر و جریدۃ اہل العصر .	۱۶۶	۱
* **عماد شاہ** : رک بہ عماد شاہیہ .	۱۶۷	۱
* **عماد شاہیہ** : فتح اللہ عماد الملک سے منسوب، برار (رک بآں) کا ایک حکمران خاندان (از ۱۴۹۰ء تا ۱۵۷۲ء) .	۱۶۷	۱
● **عمادی غزنوی** : (نیز عمادی شہریاری) ، عہد سلاجقہ کا ایک فارسی شاعر (م مابین ۵۴۰ھ/۱۱۴۵ء و ۵۴۵ھ/۱۱۵۰ء) .	۱۶۸	۱

marfat.com

Marfat.com

عنوان — اشارات	صفحه	عمود
* عمادیه : موصل سے شمال میں کردستان کا ایک معروف مردم خیز شہر .	١٦١	٢
* عماره : جنوبی عراق میں ١٩١٣ء تک اسی نام کی سنجاق کا صدر مقام .	١٦٢	٢
* عمارة : بمعنی مکان ، حویلی ، نیز ترکیه میں دینیات کے متعلمین کے لنگر خانے .	١٦٣	٢
* عماره بن ابی الحسن علی : بن زیدان الیمنی (٥١٥ھ/١١٢١ء تا نواح ٥٦٩ھ/١١٧٤ء)، فاطمیوں کے عہد کا ایک عرب ادیب اور صاحب دیوان شاعر .	١٦٤	١
* عَمالِقه : (عمالیق ؛ بائبل : Amalekites) ، مسلمانوں کی ادبی روایات میں یہودیوں کی مخالف ایک قدیم قوم .	١٦٦	٢
* عِمامَه : پگڑی ، دستار ؛ مشرق کے اسلامی ملکوں میں مردوں کے سر کا لباس .	١٦٧	٢
* عُمان : خلیج فارس پر ایک آزاد اسلامی ریاست .	١٩٦	٢
* عمر بن اَیّوب : رک به (١) حماة ؛ (٢) ایوبیه .	٢٠٢	٢
* عمر بن حَفْص : (ابو جعفر)، خلیفه المنصور عباسی کے عہد میں والی افریقیه (از ١٥١ھ/٧٦٨ء) اور معروف سپه سالار (م ١٥٤ھ/٧٧١ء) .	٢٠٢	٢
* عمر بن حَفْصُون : اندلس کے اموی حکمرانوں کے خلاف ایک طویل بغاوت کا قائد (م ٣٠٦ھ/٩١٨ء) .	٢٠٣	١
* عمرؓ بن الخَطّاب : امیر المؤمنین ، رسول اللہ صلی اللہ علیه وسلم کے ممتاز صحابی اور خلیفه ثانی ، بطل اسلام ، فاتح اعظم اور عظیم مدبر (شہادت ٢٣ھ/٦٤٤ء) .	٢٠٧	١
* عمر بن ابی ربیعه : (٢٣ھ/٦٤٤ء تا ٩٣ھ/٧١٢ء) ، اموی عہد کا ممتاز ترین غزل گو شاعر .	٢٣٠	٢
* عمرؒ بن عبدالعزیز : بن مروان بن الحکم ، ابو حفص ، خلافت راشدہ کی یاد تازہ کرنے والے صالح اور عادل اموی خلیفه (از ٩٩ تا ١٠١ھ) .	٢٣٢	٢
* عمر بن علی : (شرف الدین) المصری السعدی ، المعروف بابن الفارض ، ایک مشہور عرب صوفی شاعر (٥٧٦ھ/١١٨١ء تا ٦٣٢ھ/١٢٣٥ء) .	٢٣٧	٢
* عمر بن هُبَیْرَة : رک به ابن ہبیرہ .	٢٣٩	١
* عمر افندی : ترکیه میں عہد عثمانیه کا ایک قاضی اور مؤرخ ، مصنف غزوات حکیم اوغلو علی پاشا (م بعد از ١١٥٢ھ/١٧٣٩ء) .	٢٣٩	١
* عُمر خَیّام : سلجوقی عہد کا مشہور ایرانی سائنس دان، عالم ہیئت و ریاضیات ، شاعر اور عظیم رباعی گو (م ٥٢٦ھ/١١٣٢ء) .	٢٣٩	٢
● * عِمران : (عبرانی : عمرام)، بروے توریت حضرت موسیٰؑ کے والد اور تاریخ بنی اسرائیل کے ایک نامور شخص ؛ بروے قرآن مجید حضرت عیسیٰؑ کے نانا .	٢٤٩	٢

marfat.com

Marfat.com

عنوان	اشارات	صفحه	عمود
* عِمران بن حِطّان السدوسی :	البصری ، عہد حجاج بن یوسف الثقفی کا ایک عرب شاعر ، قرآن مجید اور احادیث کا عالم .	۲۵۰	۲
* عِمران بن شاہین :	آل بویہ کے زمانے میں زیریں فرات کے دلدلی علاقے کا ایک رہزن اور بعد ازاں حاکم بطائح (م ۳۶۹ھ/۹۷۹ء) .	۲۵۱	۲
* العِمرانی :	معین الدین الہندی ' آٹھویں صدی ہجری / چودھویں صدی عیسوی میں دہلی کے ایک مشہور عالم، مدرس اور متعدد کتب (مثلاً شرح کنز الدقائق) کے مصنف .	۲۵۱	۲
* عُمرانیات :	رکّ بہ علم (عمرانیات) .	۲۵۲	۱
* عمر کوٹ :	(امر کوٹ) ، سندھ میں سیاسی و تاریخی اعتبار سے ایک اہم قدیم قصبہ .	۲۵۲	۱
* عمرو بن امیہ :	بن خویلد ، مشہور صحابی اور عہد نبوی میں ممتاز سیاسی خدمات انجام دینے والے مجاہد (م قبل از ۶۰ھ) .	۲۵۳	۲
* عَمرو بن الاَہتَم :	(= سنان) بن سُمَی التّمیمی ، الملقب بہ المُکَحّل، بنو تمیم کا ممتاز شاعر و خطیب (م ۵۷/۶۷۷ء) .	۲۵۶	۱
* عَمرو بن سعید :	بن العاص بن امیہ الاموی، المعروف بہ الاشدق، بنو امیہ کا ایک عامل اور سپہ سالار (م ۷۰ھ/۶۹۰ء) .	۲۵۷	۱
⊗* عَمرو بن العاص :	(العاصی) ، نامور صحابی ، سپہ سالار اور فاتح مصر (م ۴۳ھ/۶۶۳ء) .	۲۵۷	۲
عَمرو بن عُبَید بن باب :	ابو عثمان (۸۰ھ/۶۹۹ء تا نواح ۱۴۴ھ/۷۶۱ء)، ابتدائی دور کا ایک معتزلی عالم .	۲۶۰	۱
* عَمرو بن عَدی :	بن نصر بن ربیعہ، تیسری صدی عیسوی میں حیرہ کا پہلا لخمی بادشاہ (از ۲۶۸ تا ۲۸۸ء) .	۲۶۱	۱
* عَمرو بن قَمِیئَہ :	بن ذریح بن سعد الضبعی ، بنو قیس کا ایک قدیم عرب شاعر (م مابین ۵۳۰ و ۵۴۰ء) .	۲۶۲	۲
* عَمرو بن کُلثوم :	زمانہ جاہلیت کا ایک مشہور اور نیک نام سردار اور شاعر ، المُہَلہِل (رکّ باں) کا نواسا ، یکے از المعراں .	۲۶۲	۲
⊗* عُمرو بن لُحَیّ :	بنو خزاعہ ، بنو کعب اور دیگر قبائل عرب کا مورث اعلی ، مکے کا حاکم اور کعبے کا متولی .	۲۶۳	۱
* عَمرو بن اللّیث :	سجستان میں خاندان صفاریہ کے بانی یعقوب بن اللیث کا بھائی اور جانشین (م ۲۸۹ھ/۹۰۲ء) .	۲۶۵	۲
* عَمرو بن مَسعَدة :	مامون الرشید کا ایک ترکی النسل کاتب اور انشا پرداز (م ۲۱۷ھ/۸۳۲ء) .	۲۶۶	۲

marfat.com

Marfat.com

عنوان	اشارات	صفحہ	عمود
* عمرو بن معدیکرب	بن عبداللہ الزبیدی ، ابو ثور ، مشہور عرب بطل ، مخضرم شاعر اور ایک مسلمان مجاہد (م نواح ۲۱ھ/۶۴۱ع) .	۲۶۷	۲
* عمرو بن ھند	الملقب بہ المحرق ، حیرہ کے لخمی بادشاہ المنذر کا بیٹا اور جانشین ، ایک جنگجو اور ظالم بادشاہ (از ۵۵۴ع تا ۵۷۰ع) .	۲۶۸	۱
* عمرہ	(قصیر عمرہ) ، دریاے اردن کی مشرقی سمت کے علاقے میں واقع ایک قدیم اموی قصر (تعمیر : مابین ۷۱۲ و ۷۱۵ع) .	۲۶۸	۲
⊗ عمرہ	حج اصغر ، خاص شرائط و ارکان کے ساتھ بیت اللہ کی زیارت اور سعی و طواف .	۲۷۳	۱
* العمری	شہاب الدین ابو العباس احمد بن یحیی (ولادت ۷۰۰ھ/۱۳۰۱ع) ، مملوک عہد کا نامور عالم اور مسالک الابصار فی ممالک الامصار کا مصنف (حیات ۷۴۱ھ/۱۳۴۰ع) .	۲۸۲	۲
* العمق	اسکندرونہ کی سنجاق میں واقع شمالی شام کا ایک وسیع اور دریائی مٹی سے ڈھکا ہوا میدان .	۲۸۵	۱
* عمل	(فعل یا کام) ، فلسفہ اور علم کلام کی اصطلاح .	۲۸۶	۱
* عمار (بنو)	صلیبیوں کے قبضے سے پہلے طرابلس پر حکمران قاضیوں کا خاندان (از ۴۶۲ھ/۱۰۷۰ع تا ۵۰۱ھ/۱۱۰۷ع) .	۲۸۷	۱
* عمار،بنو (یا بنو ثابت)	طرابلس الغرب کا ایک حکمران خاندان (از ۷۲۷ھ/۱۳۲۷ع تا ۸۰۳ھ/۱۴۰۰ع) .	۲۸۸	۱
* عمار الموصلی	ابو القاسم عمار بن علی ، ایک مشہور عرب کحال ، الحاکم (۹۹۶ تا ۱۰۲۰ع) کا معاصر اور المنتخب فی علاج العین کا مصنف .	۲۸۸	۲
⊗* عمار بن یاسر‎ؓ	بن عامر بن مالک ، ابو الیقظان ، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے مشہور صحابی اور حضرت علیؓ کے حلیف اور طرفدار (م ۳۷ھ/۶۵۷ع) .	۲۸۹	۲
* عماریہ	الجزائر کی ایک مذہبی جماعت .	۲۹۰	۲
* عمان	اردن کی ہاشمی سلطنت کا دارالحکومت .	۲۹۰	۲
* عمواس	(نیز عمواس)، نواح بیت المقدس میں فلسطین کا ایک قدیم شہر .	۲۹۳	۱
* عمود	(خیمے کی چوب) ، ستون کے لیے مسلم فن تعمیر کی ایک اصطلاح .	۲۹۳	۲
* عمور (جبل)	جنوبی الجزائر میں واقع صحراے اعظم کے سلسلۂ کوہستان اطلس کا ایک حصہ .	۲۹۵	۱
* عموریہ	(Amorium : سریانی : امورین Amorim) ، قسطنطنیہ سے کیلیکیا جانے والی سڑک پر فریجیا میں واقع ایک قلعہ .	۲۹۶	۱
* نقاشی :	رک به فن (مصوری) .	۴۳۴	۱
* النقره :	جبل حوران کے مغرب میں ایک میدان .	۴۳۴	۱
⊗ نقشبند :	خواجه محمد بن بهاء الدین البخاری" (۷۱۷ھ/۱۳۱۷ء تا ۷۹۱ھ/۱۳۸۹ء) ، اتباع سنت پر زور دینے والے نامور صوفی بزرگ بانی سلسلهٔ نقشبندیه .	۴۳۴	۲
⊗ نقشبندیه :	چار مشهور سلاسل تصوف میں سے ایک سلسله ، نیز موسوم به سلسلهٔ خواجگان .	۵۳۶	۱
* النکار :	اباضی خوارج کی ایک شاخ .	۴۳۷	۲
⊗ نکاح :	عقد ازدواج ، شادی ، بیاه ؛ اسلامی فقه کی ایک اصطلاح .	۴۳۹	۲
⊗ نکلسن :	J. A. Nicholson (۱۸۶۸ تا ۱۹۴۵ء) ، ایک مشهور انگریز مستشرق .	۴۴۴	۲
⊗ نکیر :	رک به منکر و نکیر .	۴۴۵	۲

marfat.com

Marfat.com

عنوان اشارات	صفحه	عمود
* النماره : متعدد مقامات کا نام .	۴۴۵	۲
⊗ نماز : رک به صلوٰة .	۴۴۵	۲
* نَمرود : قدیم آشور کا ایک ویران مقام .	۴۴۵	۲
⊗ نمرود : حضرت ابراهیمؑ کے زمانے میں بابل کی آشوری سلطنت کا جابر و ظالم بادشاه .	۴۴۷	۲
⊗ النَّمل : قرآن مجید کی ستائیسویں سورة .	۴۴۹	۲
* نُمیر : بن عامر صعصعه ، ایک عرب قبیله .	۴۵۲	۱
⊗ نوّاب : نیابت کرنے والا ، قائم مقام ، نائب سلطان ، رئیس ، عامل ، فرمانروا ؛ عزت افزائی کے لیے شاهی خطاب .	۴۵۴	۱
* النواجی : شمس الدین محمد بن حسن بن علی بن عثمان القاهری (۷۸۸ھ/۱۳۸۶ء تا ۸۵۹ھ/۱۴۵۵ء) ایک عرب عالم ، شاعر اور ادیب .	۴۵۴	۲
* نَوار : رک به نوری .	۴۵۶	۲
* نَوارینو : (Navarine ناوارین ، آوارین) ، مسنیه کے جنوب مغرب میں ایک چھوٹی سی بندرگاه .	۴۵۶	۲
⊗ نوافل : رک به نافله .	۴۵۸	۱
* النواوی : رک بهٔ النووی .	۴۵۸	۱
* نوبار پاشا : (۱۸۳۵ تا ۱۸۹۹ء) ، ایک مصری سیاست دان .	۴۵۸	۱
* نَو بخت : ایک ایرانی موروثی لقب .	۴۶۱	۲
* نَو بختی : ایران کے ایک علم دوست خاندان سے نسبت .	۴۶۲	۲
* نَوبه : اسلامی بلاد مشرق میں فن موسیقی کی ایک مستقل نوع .	۴۶۳	۱
* نُوبه : مصر کے جنوب میں واقع ایک ملک اور قوم .	۴۶۷	۱
⊗ نُوح : قرآن مجید کی اکهترویں سورة .	۴۷۳	۲
⊗ نُوحؑ : ایک جلیل القدر اور صاحب شریعت نبی .	۴۷۴	۲
* نوح : دوسامانی حکمران : (۱) ابو محمد نوح اوّل بن نصر بن احمد المعروف به امیر الحمید (م ۳۴۳ھ/۹۵۴ء) ؛ (۲) نوح ثانی بن منصور بن نوح المعروف به الرضی (از ۳۶۶ھ/۹۷۷ء تا ۳۸۷ھ/۹۹۷ء) .	۴۸۰	۱
* نُوح بن مصطفٰی : ایک عثمانی ترک عالم دین اور مترجم (م ۱۰۷۰ھ/۱۶۵۹ء) .	۴۸۰	۱
* نُور : روشنی ، ضو اور ضیا کا مترادف ، ایک فلسفیانه اصطلاح .	۴۸۵	۱
⊗ النُور : قرآن مجید کی چوبیسویں سورة .	۴۸۷	۱
* نور الله الششتری ، قاضی : بن السید شریف المرعشی الحسینی (ولادت ۹۵۶ھ/۱۵۴۹ء) ، ایک نامور شیعی عالم ، فقیه اور مصنف .	۴۹۰	۱

marfat.com

Marfat.com

عنوان	اشارات	صفحہ	عمود
* نُور بخشیہ :	محمد بن محمد عبداللہ المعروف بہ نور بخش (۷۹۵ھ/۱۳۹۳ء تا ۸۶۹ھ/۱۴۶۵ء) سے منسوب ایک مذہبی فرقہ یا جماعت .	۴۹۱	۱
⊗ نُور جہان :	مہرالنساء (۱۵۷۷ تا ۱۶۴۵ء) ، مغل شہنشاہ جہانگیر کی محبوب اور مشہور ملکہ .	۴۹۳	۱
* نُور الدَّولہ :	رک بہ دُبیس .	۴۹۴	۱
* نور الدین :	ابوالحارث ارسلان شاہ اول زنگی ، الموصل کا اتابک (از ۵۸۹ھ/۱۱۹۲ء تا ۶۰۷ھ/۱۲۱۱ء) .	۴۹۴	۱
⊗* نور الدین :	ابو القاسم محمود زنگی الملک العادل (۵۱۱ھ/۱۱۱۸ء تا ۵۶۹ھ/۱۱۷۴ھ) ، شام و حلب کا نامور سلطان .	۴۹۶	۲
* نُور الدین محمد :	ایک ارتقی حکمران (از ۵۶۲ھ/۱۱۶۶-۱۱۶۷ء تا ۵۸۱ھ/۱۱۸۵-۱۱۸۶ء) .		
⊗ نُور الدّین مَینگل :	بلوچ قبیلہ مینگل کے سردار .	۵۰۵	۲
* نَورَس :	دو عثمانی شاعر : (۱) عبدالرزاق معروف بہ نورس (م ۱۱۷۵ھ/۱۷۶۲ء) (۲) عثمان ، معروف بہ نورس جدید (م ۱۲۹۳ھ/۱۸۷۶ء) .	۵۰۶	۱
* نُورِستان :	رک بہ کافر ستان .	۵۰۷	۲
* نور محمد مہاروی[۲] ، خواجہ :	(۱۱۴۲ھ/۱۷۳۰ء تا ۱۲۰۵ھ/۱۷۹۱ء) ، سلسلۂ چشتیہ کے ایک نامور بزرگ .	۵۰۷	۲
* نور محمدی[۳] :	حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی روح کے وجود ازلی کے معنی میں ایک کلمہ .	۵۰۸	۲
* نَوروز :	ایرانی سال کا پہلا دن .	۵۰۹	۲
* نُوری :	مشرق ادنی کے بعض خانہ بدوش قبائل کے لیے ایک عام کلمہ .	۵۱۰	۲
* النوشادر :	(نوشادر ، نشادر) ، امونیم کلورائیڈ ، ایک قسم کا نمک .	۵۱۱	۲
⊗ نَوشاھی :	بر عظیم پاک و ھند میں سلسلۂ قادریہ کی ایک شاخ .	۵۱۳	۱
* نوشیروان :	رک بہ انوشروان .	۵۱۵	۲
* نوعی :	محمد رضا ، ایک فارسی شاعر (م ۱۰۱۹ھ/۱۶۱۰ء) .	۵۱۵	۲
* نَوعی :	یحیٰی بن شیخ پیر علی بن نصوح ، ایک ترک عالم دین اور شاعر (م ۱۰۰۷ھ/۱۵۹۸ء) .	۵۱۶	۱
** نَوعی زادہ عطائی :	عطاء اللہ (۹۹۱ھ/۱۵۸۳ء تا ۱۰۱۴ھ/۱۶۳۱ء) ، ایک ترکی مصنف اور شاعر .	۵۱۷	۱
⊗ نُون :	رک بہ ن .	۴۱۸	۱
*⊗ النووی :	ابو عبدالمعطی محمد بن عمر بن عربی النووی ، التناری الجاوی النبتی ، ملایا کا		

marfat.com

Marfat.com

عنوان	اشارات	صفحہ	عمود
	رہنے والا ایک عرب مصنف ، عالم ، شافعی فقیہ اور مفسر (حیات ۱۳۰۶ھ/۱۸۸۸ء) .	۵۱۸	۱
* النّوَوی :	(یا النواوی) ، محی الدین ابو زکریا یحیٰی بن شرف (۶۳۱ھ/۱۲۳۳ء تا ۶۷۶ھ/۱۲۷۷ء) ، ایک جلیل القدر عرب مصنف ، شافعی عالم اور فقیہ .	۵۲۰	۱
* نَووی بازار :	یا ینی بازار ، ۱۹۱۲ء تک ایک ترکی سنجاق کا نام .	۵۲۲	۲
* النّوَیری :	شہاب الدین احمد بن عبدالوہاب البکری الشافعی (۶۷۷ھ/۱۲۷۹ء تا ۷۳۲ھ/۱۳۳۲ء) ، ایک عرب وقائع نگار ، صاحب نہایة الارب .	۵۲۳	۲
⊗ نولد یکہ :	Theordor Noeldeke (۱۸۳۶ تا ۱۹۳۰ء) ، جرمنی کا مشہور اور ممتاز مستشرق .	۵۲۶	۲
* نہاوند :	ہمذان کے پرانے صوبے کا ایک شہر .	۵۲۸	۱
* النّہر والی :	(نہروانی) ، قطب الدین محمد علاء الدین احمد (۹۱۷ھ/۱۵۱۱ء تا ۹۹۰ھ/۱۵۸۲ء) ، ایک ہندی النسل عرب مؤرخ ، مدرس اور مفتی مکہ .	۵۲۸	۲
* نَہْروان :	بغداد اور واسط کے مابین حضرت علیؓ اور خوارج کے درمیان ایک جنگ (۳۹ھ/۶۰۸ء) کا مقام .	۵۳۰	۲
* نُہیکی :	آل نہیک ، قبیلہ نخع میں شیعی علما کا ایک خاندان .	۵۳۱	۱
* نیازی :	شمس الدین محمد ، معروف بہ شیخ مصری (۱۰۲۷ھ/۱۶۱۷-۱۶۱۸ء تا ۱۱۱۱ھ/۱۶۹۹ء) ، ایک معروف عثمانی شاعر اور صوفی .	۵۳۱	۱
* نِیریز (نریز) :	آذربیجان میں ایک مقام .	۵۳۲	۲
* نیسان :	شامی تقویم کا ساتواں مہینا .	۵۳۳	۲
* نیشا پور :	قرون وسطی میں ایران کا ایک بڑا شہر .	۵۳۴	۱
* نیکبولی :	Nikopolis ، دریاے ڈینیوب کے کنارے ایک شہر .	۵۳۶	۱
* نیکسار :	(Neo-Caesarea ، ینی قیصریہ) ، اناطولی میں ایک تاریخی اہمیت کا مقام .	۵۳۷	۱
* نیگدہ :	اسی نام کی سنجاق (اب ولایت) میں ایک شہر .	۵۳۹	۱
* النّیل :	اسلامی دنیا کا ایک بڑا دریا .	۵۳۹	۲
* نیلو خاتون :	عثمانی سلطان اور خان کی بیوی اور سلطان مراد اول کی والدہ (حیات ۷۴۰ھ/۱۳۳۹ء) .	۵۴۶	۱
* نِیمروز :	رک بہ سیستان .	۵۴۶	۲
* نِینوا :	(۱) موصل کے بالمقابل دریاے دجلہ کے کنارے کھنڈروں کا ایک وسیع و عریض رقبہ ؛ (۲) عراق کا ایک ناحیہ (ضلع) .	۵۴۶	۲
* نیّة :	قصد ، ارادہ ؛ فقہ اسلامی کی ایک اصطلاح .	۵۵۱	۲

marfat.com
Marfat.com

عنوان — اشارات — صفحہ عمود

و

⊗ و : (واؤ) عربی حروف تہجی کا ستائیسواں ، فارسی کا تیسواں اور اردو کا اڑتالیسواں حرف ۔

* الواثق باللہ : ابو جعفر ہارون بن المعتصم ، ایک عباسی خلیفہ (از ۲۲۷ھ/۸۴۲ء تا ۲۳۲ھ/۸۴۷ء)۔ ۵۵۵ ۱

⊗ الواجد : رک بہ الا سماء الحسنٰی ۔ ۵۵۷ ۱

⊗ واجد علی شاہ : (۱۲۳۷ھ/۱۸۱۱ء تا ۱۳۰۵ھ/۱۸۸۷ء) ، شاہ اودھ (از ۱۸۴۷ تا ۱۸۵۶ء) ، مصنف ، شاعر ، ماہر رقص و موسیقی ۔ ۵۵۸ ۲

* واح : (الواح) ، مصر میں نخلستانوں کا ایک سلسلہ ۔ ۵۵۸ ۲

⊗ الواحد : رک بہ (۱) اللہ ؛ (۲) الا سماء الحسنٰی ۔ ۵۶۱ ۲

* واحدی : جنوبی عرب کا ایک حکمران خاندان ۔ ۵۶۲ ۲

* واد (وادی) : ہسپانیہ کے متعدد دریاؤں کے نام کا جز ، مثلاً وادی الکبیر ۔ ۵۶۲ ۲

* وادی آش : (Guadix)، اندلس کا ایک دریا اور اس کے کنارے اسی نام سے آباد صوبہ غرناطہ کے ایک ضلع کا صدر مقام ۔ ۵۶۳ ۳

* وادی الحجارۃ : (Guadalajara) ، ہسپانیہ کا ایک دریا ، صوبہ اور اس کا صدر مقام ۔ ۵۶۴ ۱

* وادی حلفہ : سابقہ انگریزی مصری سوڈان میں ایک جدید شہر ۔ ۵۶۴ ۲

* وادی القری : جنوبی عرب میں ایک وادی ۔ ۵۶۵ ۲

* وادی الکبیر : (Guadalquiver)، بحر اوقیا نوس میں جا گرنے والے اندلس کے چار بڑے دریاؤں میں سے ایک دریا ۔ ۵۶۶ ۱

* وادی لون : جنوبی مراکش میں ایک وسیع میدان ۔ ۵۶۷ ۲

* وادیانہ : (Guadiana) ، وادی آنا ، نہریانہ ؛ جزیرہ نمائے آئبیریا کے چار بڑے دریاؤں میں سے ایک دریا ۔ ۵۶۸ ۲

* وارا دین : Petrovardin کا ترکی نام ۔ ۵۷۳ ۱

⊗ الوارث : رک بہ الاسماء الحسنٰی ۔ ۵۷۳ ۱

⊗ وارث : رک بہ علم (میراث) ۔ ۵۷۳ ۱

⊗ وارث شاہ : مشہور ترین پنجابی شاعر ، مصنف داستان ہیر رانجھا (م ۱۷۹۸ء) ۔ ۵۷۳ ۱

* واسط : عراق کے مرکزی علاقے کا ایک شہر ۔ ۵۷۳ ۱

⊗ الواسع : رک بہ الا سماء الحسنٰی ۔ ۵۷۷ ۲

* واسع علی سی : یا علی ، دور عثمانیہ کا ایک ترک عالم ، شاعر اور انشاپرداز ، انوار سہیلی کا ترکی مترجم (م ۹۵۰ھ) ۔ ۵۷۹ ۲

۵۷۹ ۲

marfat.com
Marfat.com

عنوان / اشارات	صفحہ	عمود
⊗ واسوخت : بمعنی بیزاری ، تکدر ؛ ایک صنف سخن .	٥٨٠	٢
* واصف : احمد ، سلطنت عثمانیہ کا ایک سرکاری مؤرخ (١٢٢١ھ/١٨٠٦ء) .	٥٨١	٢
* واصل بن عطاء : ابو حذیفۃ الغزّال ؛ معتزلہ کا امام (م ١٣١ھ/٧٤٨-٧٤٩ء) .	٥٨٣	١
* وافر : عربی عروض میں چوتھی بحر .	٥٨٥	١
⊗* الواقدی : ابو عبداللہ محمد بن عمر (١٣٠ھ/٧٤٧ء تا ٢٠٧ھ/٨٢٢ء) ، مشہور عرب مؤرخ اور سیرت نگار .	٥٨٥	٢
⊗ الواقع : رک بہ النسر الواقع .	٥٨٨	١
⊗ الواقعۃ : قرآن مجید کی چھپنویں سورۃ .	٥٨٨	١
* والدہ سلطان : قدیم عثمانی سلطنت میں سلطان وقت کی والدہ کا خطاب .	٥٨٩	١
⊗ الوالی : رک بہ الاسماء الحسنی .	٥٩١	١
* والہی : دو عثمانی شعرا : (١) والہی ، کرد زادہ یا قورت زادہ (م ٩٩٣ھ/١٥٩٦ء) ؛ (٢) والہی احمد (م ١٠٠٨ھ) .	٥٩١	١
⊗* وامق و عذرا : فارسی زبان کی ایک منظوم رومانی داستان .	٥٩١	١
* وان : ترکیہ میں جھیل وان کے مشرقی کنارے اور ارمینیا کی سطح مرتفع پر واقع ایک شہر .	٥٩٢	٢
* وان قولی : محمد بن مصطفی الوانی ، مراد ثالث کے عہد کا ایک مشہور ماہر قانون (م ١٠٠٠ھ/١٥٩١-١٥٩٢ء) .	٥٩٣	١
* الوأواء الدمشقی : ابو الفرج محمد بن احمد الغسانی ، عہد سیف الدولہ حمدانی کا ایک دوسرے درجے کا شاعر (م نواح ٣٧٠ھ/٩٨٠ء) .	٥٩٣	٢
⊗ واو : رک بہ و .	٥٩٥	١
* وبار : جزیرۃ العرب کے جنوبی حصے میں ایک علاقہ اور وہاں آباد ایک قبیلہ .	٥٩٥	١
* وتد یا وتد : علم عروض کی ایک اصطلاح .	٥٩٥	٢
⊗ وتر : نماز عشاء کے بعد اسی نام سے ادا کی جانے والی نماز .	٥٩٦	١
* وثائق : رک بہ دستاویزات .	٥٩٧	١
* وثیقہ : رک بہ دستاویزات .	٥٩٧	١
⊗* وجدہ : Oujda ، مشرقی مراکش کا ایک صوبہ اور اس کا صدر مقام .	٥٩٧	١
⊗* وجود : (ہستی) ، نیز موجود ہست) ، ارسطاطالیسی مابعد الطبیعیات کی اہم اصطلاحات .	٥٩٧	٢
⊗ وجودیت : Existentialism ، ایک فلسفیانہ اصطلاح .	٦٠٥	٢
⊗ وجہی ، ملا : گولکنڈہ کے قطب شاہی دور کا شاعر ، نثر نگار ، مثنوی قطب مشتری (١٠١٨ھ/١٦٠٩ء) اور قصہ سب رس (١٠٣٠ھ/١٦٥٠ء) کا مصنف .	٦٠٩	١

marfat.com
Marfat.com

	عنوان	اشارات	صفحہ	عمود
⊗*	**وجیانگر** :	دریاے تنگ بھدرا کے جنوبی کنارے پر واقع جنوبی بھارت کا ایک شہر (اب کھنڈر) .	٦١١	١
*	**وجیہی** :	حسین ، ایک عثمانی شاعر اور مؤرخ (م ١٠٧١ھ/١٦٦٠ء) .	٦١٢	٢
*	**وحدة الشہود** :	رک بہ تصوف .	٦١٣	١
⊗	**وحدة الوجود** :	رک بہ تصوف .	٦١٣	١
*	**وحشی بافقی** :	ایک ایرانی شاعر (م ٩٩١-٩٩٢ھ/١٥٨٣-١٥٨٤ء) .	٦١٣	١
⊗	**وحی** :	لطیف اور مخفی اشارہ ، پیغام رسالت ، الہام ؛ ایک معروف قرآنی اصطلاح .	٦١٣	٢
*	**وحید دستگردی** :	حسن بن محمد بن قاسم ، دور آخر میں ایک نامور ایرانی شاعر اور ادیب (م ١٣٩١ھ) .	٦٢٣	١
*	**وخان** :	، پامیر کے جنوب میں افغانستان کا ایک ضلع .	٦٢٤	٢
*	**وداعی** :	(برگو ، دار صالح) ، دار فور کے مغرب میں واقع ایک علاقہ .	٦٢٥	٢
*	**ودیعہ** :	ایک قسم کا عقد ؛ ایک فقہی اصطلاح .	٦٣٠	١
*	**وراق** :	ابو عیسٰی محمد بن ہارون ، ایک آزاد خیال مفکر (م ٢٩٧ھ/٩٠٩ء) .	٦٣٣	٢
*	**ورامین** :	تہران سے جنوب مشرق میں ایک شہر .	٦٣٤	١
⊗	**ورد** :	ذکر کے لیے مترادف لفظ .	٦٣٥	١
⊗	**ورقہ بن نوفل** :	بن اسد بن عبدالعزی ، زمانۂ جاہلیت کا ایک عیسائی عالم .	٦٣٧	٢
*	**ورقلہ** :	Ouragla ، الجزائر کے صحرا میں ایک نخلستان .	٦٣٨	٢
*	**الورکاء** :	جنوبی عراق میں ایک اجاڑ مقام .	٦٣٩	٢
⊗*	**ورنہ** :	(وارنہ) ، بحیرۂ اسود کے ساحل پر بلغاریہ کا تیسرا بڑا شہر .	٦٤١	١
*	**وزارت** :	رک بہ وزیر .	٦٤٢	٢
*	**وزیر** :	مدار المہام ؛ سلطنت (بالخصوص عثمانی سلطنت) کا سب سے بڑا عہدیدار .	٦٤٢	٢
*	**الوزیر المغربی** :	رک بہ المغربی .	٦٤٥	١
⊗	**وزیر خان** :	شیخ علیم الدین انصاری ، عہد مغلیہ کا ایک نامور امیر اور صوبیدار ، حاذق طبیب اور مسجد وزیر خان کا بانی (م ١٠٥٠ھ/١٦٤٠ء) .	٦٤٥	١
⊗	**وزیرستان** :	پاکستان کے شمال مغربی سرحدی صوبے میں شامل قبائلی علاقہ .	٦٤٧	١
⊗	**وسٹنفلٹ** :	Ferdinand Wustenfeld (١٨٠٨ تا ١٨٩٩ء) ، انیسویں صدی کا ایک نامور مستشرق .	٦٤٩	١
*	**الوشاء** :	ابوالطیب محمد بن اسحاق بن یحیی ، ایک عربی ماہر لسانیات اور ظریف .	٦٤٩	١
⊗	**وشقہ** :	Huesca ، شمالی اندلس کا ایک سرحدی صوبہ .	٦٤٩	١
*	**وشمگیر بن زیار** :	ابو طالب ، زیاری خاندان کا دوسرا حکمران (از ٩٣٥ تا ٩٦٥ء) .	٦٥٠	١
*	**وصاف** :	ایک ایرانی مؤرخ .	٦٥٢	١

marfat.com

Marfat.com

عنوان / اشارات	صفحہ	عمود
* وَصْلی : رک بہ فن (خطاطی) .	۶۵۲	۲
⊗ وَصی : رک بہ وَصیۃ .	۶۵۲	۲
⊗ وَصِیّۃ : اسلامی ادب کی ایک کثیرالاستعمال اور انتقال جائداد کی ایک قانونی اور فقہی اصطلاح .	۶۵۲	۲
⊗ وضو : شریعت اسلامیہ کی ایک اہم اصطلاح ، نماز سے قبل ایک خاص ترتیب سے ہاتھ ، منہ ، پاؤں وغیرہ دھونا اور سر پر مسح کرنا .	۶۵۵	۲
⊗ وَطّاس ، بنو : پندرھویں سولھویں صدی عیسوی میں مراکش کا ایک حکمران خاندان .	۶۵۷	۱
⊗ وطن : بیسویں صدی میں متحدہ ہندوستان کا پہلا ہفتہ وار اخبار .	۶۵۸	۱
⊗ وَطواط : رشید الدین ، بلخ کا رہنے والا ایک ایرانی شاعر (م ۵۷۸ھ/۱۱۸۲-۱۱۸۳ء) .	۶۵۹	۲
⊗ وَعظ : رک بہ مواعظ .	۶۶۰	۲
* وفا : (۱) شرف الدین علی حسنی ، ایرانی شاعر (م ۱۱۹۴ھ/۱۷۸۰ء) ؛ (۲) وفا فراہانی ، میرزا محمد حسین ، زند خاندان کا وزیر اور صاحب دیوان شاعر ؛ (۳) وفا یزدی ، انیسویں صدی کا شاعر ؛ (۴) وفا اشرفی ، میرزا مہدی قلی ، انیسویں صدی کا شاعر ، کاتب اور خوش نویس .	۶۶۰	۲
* الوَفرانی : (یا الإفرانی) ، ابوعبداللہ محمد بن الحاج ، المعروف بہ الصغیر (۱۰۸۰ھ/۱۶۶۹-۱۶۷۰ء تا ۱۱۴۰ھ/۱۷۲۷ء یا ۱۱۵۱ھ/۱۷۳۸ء) ، ایک مراکشی سیرت نگار اور مؤرخ .	۶۶۱	۱
* وَفق : ایک طلسماتی مربع .	۶۶۲	۱
* وَقار : میرزا احمد شیرازی ، ایک ایرانی شاعر (حیات ۱۲۷۴ھ/۱۸۵۷-۱۸۵۸ء) .	۶۶۳	۲
* وَقت : رک بہ زمان .	۶۶۵	۱
* وَقعہ نویس، وَقائع نَویس : محافظ دستاویزات ، عہد آل عثمان میں، سرکاری مؤرخ .	۶۶۵	۱

marfat.com

Marfat.com

جلد ۲۳

عنوان	اشارات	صفحہ	عمود
* وَقف :	(نیز حَبْس) ، ایک فقہی اصطلاح ، کسی شے کا فی سبیل اللہ اچھے مقاصد کے لیے مخصوص کر دینا .	۱	۱
* وَقواق :	(واق واق) ، بحر لاروی میں واقع جزائر .	۱۹	۲
⊗* وِکالۃ :	(وِکالۃ) ، ایک قانونی اصطلاح ، بمعنی مختار نامہ ، اختیار دے دینا ، وغیرہ .	۲۱	۱
* وَکب :	رک بہ وَقف .	۲۵	۱
* وَکیل :	رک بہ (۱) وکالۃ ؛ (۲) الاسماء الحسنی .	۲۵	۱
* وَلبہ :	(Huelva) ، ہسپانیہ کا ایک صوبہ اور اس کا صدر مقام .	۲۵	۲
* ولندیزی جزائر شرق الہند میں نظام مساجد :	سماٹرا ، جاوا ، بورنیو اور برونائی وغیرہ میں عرصہ دراز سے قائم مساجد کا ایک بھر پور نظام .	۲۶	۱
* ولہاوزن :	Julius Wellhausen (۱۸۴۴ تا ۱۹۱۸ء) جرمنی کا ایک نامور مستشرق .	۳۱	۱
⊗* وَلی :	خدا رسیدہ اور برگزیدہ عارف باللہ ؛ تصوف کی ایک اصطلاح .	۳۲	۲
⊗ (شاہ) ولی اللہ دہلوی :	ابو الفیاض قطب الدین احمد بن ابو الفیض شاہ عبدالرحیم (۱۱۱۴ھ/۱۷۰۳ء تا ۱۱۷۶ھ/۱۷۶۲ء) ، ہندوستان کے نامور عالم ، محدث ، فقیہ ، مجتہد اور کثیرالتعداد کتابوں کے مصنف .	۳۹	۲
⊗ وَلی بابا :	مودودی چشتی ، بلوچستان کے ایک صوفی بزرگ اور کرالی سادات کے جد امجد .	۴۷	۲
* الوَلید بن عبدالمَلک :	ایک مشہور اموی خلیفہ (از ۸۶ھ/۷۰۵ء تا ۹۶ھ/۷۱۵ء) .	۴۷	۲
* الوَلید بن المغیرہ :	بن عبداللہ بن عمر بن مخزوم ، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ایک معاند قریشی سردار (م ۱ھ/۶۲۲ء) .	۴۸	۱
* الوَلید بن یَزید :	علم و فن کا سر پرست ایک اموی خلیفہ (از ۱۲۶ھ/۷۴۳ء تا ۱۲۷ھ/۷۴۴ء) .	۵۰	۱
* وِلیم رائٹ :	William Wright (۱۸۳۰ تا ۱۸۸۹ء) ، انگلستان کا ایک ممتاز مستشرق .	۵۱	۱
⊗ ولیم لین :	E. William Lane (۱۸۰۱ء تا ۱۸۷۶ء) برطانیہ کا ایک مشہور		

marfat.com

Marfat.com

عنوان / اشارات	صفحہ	عمود
مستشرق .	۵۲	۱
⊗ ولیم میور : William Muir (۱۸۱۹ تا ۱۹۰۵ء) ، برطانوی دور میں گورنر یو - پی ، ایک متعصب اور دریدہ دہن مستشرق .	۵۳	۱
* ولیمہ : رک بہ عرس .	۵۴	۱
* الونشریسی : (۱) ابوالعباس احمد بن یحیی بن محمد التلمسانی الونشریسی ، المغرب کا ایک مشہور مالکی فقیہ ، فتاوی کی ایک کتاب کا مؤلف (م ۹۱۴ھ/ ۱۵۰۸ء) اور اس کا بیٹا (۲) ابو محمد عبدالواحد بن احمد الزناتی الفاسی ، ایک فاضل قانون دان ، قاضی اور مفتی (م ۹۵۵ھ/۱۵۴۹ء) .	۵۴	۱
* وہب بن منبہ : ابو عبداللہ ، جنوبی عرب کا ایک داستان گو (م ۱۱۰ھ/۷۲۸ء یا ۱۱۴ھ/۷۳۲ء) .	۵۵	۱
* وہبی : عام طور پر سید وہبی ، ایک ترکی شاعر (م ۱۱۵۳ھ/۱۷۴۰ء)	۵۸	۲
* وہران : (Oran) ، الجزائر کے ساحل پر ایک بندرگاہ اور شہر .	۶۰	۱
⊗ الوہاب : رک بہ الاسماء الحسنی .	۶۰	۲
* وہابیہ : (الموحدون) ، محمد بن عبدالوہاب کی قائم کردہ جماعت .	۶۰	۲
* ویسی : اویس بن محمد (۹۶۹ھ/۱۵۶۲-۱۵۶۳ء تا ۱۰۳۷ھ/۱۶۲۸ء) ، ایک نامور ترکی فاضل اور شاعر .	۶۸	۲
* ویگا : رک بہ نسر واقع .	۶۹	۲
⊗ وینسنک : A. J. Wensinek (۱۸۸۱ تا ۱۹۳۹ء) ، ہالینڈ کا ایک نامور مستشرق اور معجم المفہرس لالفاظ الحدیث النبوی کا مصنف .	۶۹	۲

ہ

عنوان / اشارات	صفحہ	عمود
⊗ ہ : (ہا) ، عربی زبان کا چھبیسواں ، فارسی کا اکتیسواں ، ہندی کا تینتیسواں اور اردو کا اڑتالیسواں حرف .	۷۱	۱
⊗ ہابیل و قابیل : حضرت آدم علیہ السلام کے دو بیٹے .	۷۲	۲
* ہاتف : ایک کثیر المعانی لفظ ، پکارنے والا ، بلانے والا ، عموماً غیبی آواز .	۷۶	۲
* ہاتف : سید احمد ، اصفہان کا ایک فارسی شاعر (م ۱۱۲۸ھ/۱۷۱۵ء) .	۷۷	۲
* ہاتفی : عبداللہ ، مولانا جامی کا ہمشیر زادہ اور فارسی کا ایک شاعر (م ۹۲۷ھ/ ۱۵۳۱ء) .	۷۸	۱

marfat.com
Marfat.com

عنوان	اشارات	صفحہ	عمود
* ھاجر (بنو) :	مشرقی عرب کا ایک قبیلہ .	۷۸	۲
* الهادی :	رہنما ، خدا کا ایک نام ، نیز شیعی حکمرانوں کا ایک مقبول لقب .	۷۹	۱
* ھادی سبزواری :	حاجی ملّا (۱۲۱۲ھ/۱۷۹۷-۱۷۹۸ء تا ۱۲۹۵ھ/۱۸۷۸ء) ، ایک مشہور ایرانی فلسفی اور شاعر .	۷۹	۲
⊗ ہاروت و ماروت :	قرآن مجید میں مذکور دو فرشتوں کا نام .	۸۰	۱
*⊗ ہارون بن عمران :	(بائیبل : Aaron) ، بنی اسرائیل کے ایک مقتدر نبی اور حضرت موسٰیؑ کے بڑے بھائی .	۸۳	۲
⊗ ہارون الرشید :	نامور اور ممتاز ترین عباسی خلیفہ (از ۱۷۰ھ/۷۸۵ء تا ۱۹۳ھ/۸۰۸ء) .	۸۵	۱
* الہارونیہ :	(۱) جلولاء کے قریب عراق میں ایک گاؤں ؛ (۲) ایشیاے کوچک اور شام کے درمیان سرحدی قلعوں کا ایک سلسلہ .	۹۳	۱
⊗ ہاشم بن عبدمناف :	آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے ایک جد امجد ، مشہور قریشی سردار .	۹۳	۲
⊗ ہاشم سروانی :	زبدۃ الفصحاء ابو محمد ہاشم بن زید السروانی (۲۲۳ تا ۲۹۷ھ) ، پشتو زبان کا ایک قدیم شاعر .	۹۴	۱
*⊗ ہامان :	حضرت موسٰیؑ اور بنی اسرائیل کا ایک شدید مخالف اور فرعون کی مجلس شوری کا ایک رکن .	۹۵	۲
* ہامرز :	جنگ ذوقار [رک بآں] میں ایرانی دستوں کا سالار .	۹۹	۲
* ہامون :	مشرقی ایران ، افغانستان اور بلوچستان میں وسیع شوردلدلوں کا نام .	۹۹	۲
* ہانسوی :	شیخ جمال الدین احمد (۵۸۰ھ/۱۱۸۴ - ۱۱۸۵ء تا ۶۵۹ھ/۱۲۶۰-۱۲۶۱ء) ، ہندوستان میں چشتیہ سلسلے کے ایک بزرگ اور حضرت گنج شکرؒ کے خلیفہ .	۱۰۰	۱
* ہانسی :	ہریانہ پردیش (بھارت) میں ضلع حصار کا ایک قدیم قصبہ .	۱۰۱	۱
⊗ ہانی بن عروہ :	بن الفضفاص بن عمران ، عبید اللہ بن زیاد کے ابتدائی عہد ولایت میں کوفے کے بنو مراد کا ایک سردار (م ۶۰ھ/۶۸۰ء) .	۱۰۲	۲
* ہبۃ اللہ بن الحسین :	رک بہ بدیع الاسطرلابی .	۱۰۳	۱
* ہبۃ اللہ :	بن محمد بن المطلب مجد الدین الفیروز آبادی ، خلیفہ المستظہر کا وزیر (حیات ۵۰۳ھ/۱۱۰۹-۱۱۱۰ء) .	۱۰۳	۱
*⊗ ہبل :	عہد جاہلیت میں کعبۃ اللہ کے اندر نصب ایک مشہور بت .	۱۰۳	۱
⊗ ہبہ :	بمعنی بخشش ، عطیہ ، ایک فقہی اصطلاح .	۱۰۴	۱
* ہپو کریٹیز :	(Hippokrates) ، رک بہ بقراط .	۱۱۰	۱
* ہتیم :	جزیرۃ العرب کا ایک بڑا خانہ بدوش قبیلہ .	۱۱	۲

marfat.com

Marfat.com

عنوان — اشارات	صفحہ	عمود
* هجاء : منظوم چٹکلا لطیفه ، هجو ، ایک ادبی اصطلاح .	١١١	١
* هَجَر : جنوبی عرب میں شهر کے معنوں میں مستعمل لفظ .	١١٣	٢
* هجر : رک به الحسا .	١١٣	١
* هجرة : جنوبی عرب کا ایک گاؤں .	١١٣	١
⊗ هِجرة : ایک معروف اسلامی اصطلاح ، بمعنی الله تعالی کی رضا کے لیے ترک وطن کرنا .	١١٣	٢
* هَجَرین : حضر موت میں ایک شهر .	١٢٥	٢
* الهُجویری " : رک به داتا گنج بخش" .	١٢٦	١
⊗ هدایت الله ، میاں : (١٢٥٤ھ/١٨٣٨ء تا ١٣٥٠ھ/١٩٣١ء) ، ایک مشهور پنجابی شاعر .	١٢٦	١
* هَدندوا : (Hadendoa) ، شمالی افریقه کا ایک حامی النسل قبیله .	١٢٦	٢
* هُدنَة : کافروں اور مسلمانوں کے مابین مصالحت ، راضی نامه . بین الاقوامی معاهده ، ایک فقهی اصطلاح .	١٢٧	١
⊗* هُد هُد : کٹھ بڑھئی ، ایک پرنده .	١٢٩	٢
⊗ هَدیه : رک به هِبه .	١٣٠	٢
* هُذیل بن مُدرکه : عربوں کا ایک مشهور اور طاقتور قبیله .	١٣٠	٢
* هَرات : مغربی افغانستان میں هری رود پر ایک شهر اور ضلع .	١٣١	٢
⊗ هر خُرلیا : رک به سنوک هر خرنیے .	١٣٣	٢
* هرر : مشرقی افریقه کا ایک اهم تجارتی شهر .	١٣٣	٢
* هر سک : (هرز گوینا) ، رک به بوسنه .	١٣٦	١
* هَرغه : ایک بربر قبیلے ارغن کا عربی نام .	١٣٦	١
* هَرکَرن : فارسی زبان کا ایک صاحب طرز هندو ادیب .	١٣٨	١
* هرگیسه : سابق برطانوی زیر حمایت صومالیه کا دارالحکومت اور اب جمهوریه صومالیه کے شمالی خطے کا صدر مقام .	١٣٨	١
* هرم : (ج : اهرام) ، لفظی معنی مخروطی مینار ، مصر کی شهرۂ آفاق عظیم الشان قدیم عمارتیں .	١٣٩	١
* هُرمَز : (ورمزد) ، زرتشتی مذهب میں اهم ترین شخصیت ؛ ساسانی خاندان کے پانچ بادشاه : (١) هرمز اول (٢٧٢ تا ٢٧٣ء) ؛ (٢) هرمز دوم (٣٠٢ تا ٣٠٩ء) ؛ (٣) هرمز سوم (٤٥٧ تا ٤٥٩ء) ؛ (٤) هرمز چهارم (٥٧٩ تا ٥٩٠ء) ؛ (٥) هرمز پنجم (٦٣٤ء) .	١٤١	١
* هُرمز : (اورمس) ، عهد وسطی میں ایران کی ایک اهم تجارتی بندر گاه .	١٤٢	١

marfat.com

Marfat.com

عنوان	اشارات	صفحه	عمود
* الهرمزان	سوسیانا کا بادشاه اور مسلمانوں کے خلاف جنگ قادسیه (۱۹ھ/۶۳۷ء) میں ایرانی فوج کا ایک سردار .	۱۴۴	۱
* هرود	افغانستان کا ایک دریا .	۱۴۵	۱
⊗ الهروی	ابو اسماعیل عبدالله بن محمد بن علی الانصاری (۳۹۶ھ/۱۰۰۵ء تا ۴۸۱ھ/۱۰۸۹ء) ، ایک معروف عالم دین ، متکلم اور مصنف .	۱۴۵	۲
* الهروی الموصلی	شیخ تقی الدین ابوالحسن علی بن ابی بکر ، شام کا ایک جهان گرد صوفی ، الملک الظاهر غازی کا درباری اور مصنف (۶۱۱ھ/۱۲۱۵ء) .	۱۴۶	۱
* هری رود	هرات کے جنوب ہیں افغانستان کا ایک دریا .	۱۴۷	۲
*⊗ هزاراسپ	دریاے جیحون اور خیوه کے قریب ایک شهر .	۱۴۸	۱
⊗ هزار اسپی ها	لرستان کبیر کے حکمران بنو فضلویه کا نام .	۱۴۸	۲
⊗ هزاره	دریاے سندھ کے مشرقی میں صوبه سرحد (پاکستان) کی ایک قسمت .	۱۴۸	۲
* هزاره	هزارستان (افغانستان) و بلوچستان میں آباد مغول نسل کی ایک قوم .	۱۵۰	۲
*⊗ هزج	عربی علم عروض کی چھٹی بحر .	۱۵۱	۲
* هشام اول	ابوالولید الرضی یا العادل ، قرطبه کا دوسرا اموی امیر (از ۱۷۲ھ/۷۸۸ء تا ۱۸۰ھ/۷۹۶ء) .	۱۵۲	۱
* هشام ثانی	ابو الولید المؤید بن الحکم ثانی المستنصر ، قرطبه کا دسواں اموی حکمران (از ۳۵۶ھ/۹۷۶ء تا ۳۹۹ھ/۱۰۰۹ء و از ۴۰۰ھ/۱۰۱۰ء تا ۴۰۳ھ/۱۰۱۳ء) .	۱۵۲	۲
* هشام ثالث	المعتمد ، قرطبه کا سولهواں اور آخری فرمانروا (م ۴۲۴ھ/۱۰۳۳ء) .	۱۵۳	۱
* هشام بن الحکم ابو محمد	ابتدائی زمانے کا ایک ممتاز شیعه عالم (م ۱۹۹ھ/۸۱۴-۸۱۵ء) .	۱۵۳	۲
* هشام بن عبدالملک	اموی خلافت کا دسواں خلیفه (از ۱۰۵ھ/۷۲۴ء تا ۱۲۵ھ/۷۴۳ء) .	۱۵۴	۱
⊗ هفت ولی	قلات ڈویژن میں بھٹاری کے مقام پر سات بزرگوں کے مزار .	۱۵۸	۱
* هکاری	ایران کی سرحد پر ولایت وان کی ایک سنجاق .	۱۵۸	۱
⊗ الهکاری	رک به عدی بن مسافر .	۱۵۹	۱
* هلال	ایک عرب قبیله .	۱۵۹	
* هلال الصابئی	رک به الصابئی .	۱۶۰	۱
* هلالی	بدر الدین ، ایک فارسی شاعر (م ۹۳۰ھ/۱۵۳۲-۱۵۳۳ء) .	۱۶۰	۱
* هلمند	افغانستان کا سب سے بڑا دریا .	۱۶۰	۱
* هما	ایک فرضی مبارک پرنده	۱۶۱	۱

marfat.com

Marfat.com

عنوان	اشارات	صفحه	عمود
* هُمایون :	هندوستان کا دوسرا مغل فرمانروا (از ۱۵۳۰ تا ۱۵۵۶ء) .	۱۶۱	۲
* هُمایون نامه :	کلیله و دمنه کا ترکی ترجمه .	۱۶۲	۱
* هَمپی :	سلطنت وجیانگر کے کھنڈروں کا موجوده نام .	۱۶۲	۱
* هَمدان :	عرب کا ایک بڑا قبیله .	۱۶۳	۲
* الهَمدانی :	ابو محمد الحسن بن احمد بن یعقوب ، المعروف به ابن الحائک ، جنوبی عرب کا همه دان عالم ، صاحب صفة جزیرة العرب وغیره (م ۳۳۴ھ/ ۹۴۵ء) .	۱۶۵	۱
* هَمَذان :	کوه الوند کے دامن اور ایک زرخیز میدان میں واقع ایک قدیم شهر .	۱۶۶	۲
* همذانی :	یا همدانی (۳۵۸ تا ۳۹۸ء) ، ایک قدیم عربی شاعر اور انشاپرداز .	۱۶۸	۱
⊗ همزة :	الف کا جڑواں حرف .	۱۶۹	۲
⊗ الهمزة :	قرآن مجید کی ایک سو چوتھی سورة .	۱۷۳	۱
* هملٹن گب (سر) :	رک به گب .	۱۷۳	۱
⊗ هِند :	هندوستان ، جنوبی ایشیا کا مشهور ملک .	۱۷۳	۱
⊗ هِند بن عتبه :	بن ربیعه ، عهد نبوی کی ایک مشهور قریشی خاتون ، ابو سفیان کی زوجه اور امیر معاویه کی والده (م ۱۴ھ) .	۲۰۸	۱
* هندال میرزا :	(۱۵۱۹ تا ۱۵۵۱ء) ، بابر کا چوتھا بیٹا .	۲۰۹	۲
* هند چینی :	(Indo China) ، هند بعید ؛ لاؤس ، کمبوچیا اور ویت نام پر مشتمل جزیره نما .	۲۱۰	۱
⊗ هندسه :	رک به علم (الهندسه) .	۲۱۳	۱
⊗ هندو :	رک به سنسکرت .	۲۱۳	۱
⊗ هندوستان :	رک به هند .	۲۱۳	۱
* هندوستانی :	یورپی علما کے هاں مغربی هندی ، یعنی بالائی گنگ و جمن کی بولی کا نام .	۲۱۳	۱
* هندوکش :	پامیر سے جنوب مغرب کی طرف پھیلا هوا سلسلهٔ کوه .	۲۱۳	۱
* هندی :	جمهوریه بھارت (انڈیا) کی قومی زبان .	۲۱۵	۱
* الهِندیه :	رک به هندی .	۲۱۸	۱
* هُنر :	رک به فن .	۲۱۸	۱
* هُنزه ناگر :	شمالی علاقه جات (پاکستان) میں شامل دو ریاستیں .	۲۱۸	۱
* هنسلیه :	مراکش کا ایک سلسلهٔ تصوف .	۲۱۹	۲
* هِنگلاج :	بلوچستان کی ریاست لس بیلا میں ایک قدیم خانقاه .	۲۲۰	۱
* هنوخ :	(انوخ Henoch) ، رک به ادریس .	۲۲۰	۱

marfat.com
Marfat.com

عنوان / اشارات	صفحه	عمود
* هنیئاً : ایک دعائیه کلمه .	۲۲۰	۲
* هُواره : (Huara) ، مشهور بربر قبیله .	۲۲۰	۲
** هوازن : شمالی عرب کا ایک بڑا عرب قبیله .	۲۲۳	۲
* هواشم : (هاشمیون) ، ابوهاشم محمد الحسنی کی اولاد پر مشتمل اشراف مکه .	۲۲۵	۲
⊗ هوایلوا : یا هیلوه ، رک به ولبه .	۲۲۵	۲
⊗* هوت : ایک قدیم بلوچ قبیله .	۲۲۶	۱
⊗ هودؑ : قرآن مجید کی گیارهویں سورة .	۲۲۷	۱
* هود : قرآن مجید میں مذکور ایک پیغمبر .	۲۲۸	۱
* هود (بنو) : عهد ملوک الطوائف میں سرقسطه کاایک عربی النسل فرمانروا خاندان .	۲۲۹	۱
* هوسا : رک به الحوصه .	۲۳۲	۲
** هوشنگ شاه غوری : مالوه کا دوسرا غوری بادشاه (از ۱۴۰۵-۱۴۰۶ء تا ۱۴۳۵ء) .	۲۳۲	۲
* الهوف : (هفوف ، فوف) ، عرب میں ایک شهر اور صوبه الاحسا کا دارالحکومت .	۲۳۲	۲
* هولاکو : (۱۲۱۷ تا ۱۲۶۵ء) ، ایک مغول فاتح اور ایران میں مغولی (ایلخانی) سلطنت کا بانی .	۲۳۵	۲
* هُوَ هُوَ : منطق اور تصوف کی ایک اصطلاح .	۲۳۷	۱
* هیئت : رک به علم (الهیئت) .	۲۳۷	۲
* هیت : عراق کا ایک شهر .	۲۳۷	۲
⊗ هیر : پنجاب (پاکستان) کے ایک معروف رومان کا مرکزی نسوانی کردار .	۲۳۸	۲
* هیکا : رک به وشقه .	۲۴۱	۲
* هیلاج : اکسیر حیات؛ علم لجوم کی ایک اصطلاح .	۲۴۱	۲
⊗ هیلوا : (هوایلوا) ، رک به ولبه .	۲۴۱	۲
* هیولی : رک به ماده .	۲۴۱	۲

ی

عنوان / اشارات	صفحه	عمود
⊗ ی (یاء) : عربی حروف تهجی کا اٹهائیسواں ، فارسی کا تیسواں اور اردو کا اکیانواں حرف .	۲۴۲	۱
⊗ یاجوج و ماجوج : تورات اور قرآن مجید میں مذکور دو قبائل کا عربی نام .	۲۴۲	۱
* الیازجی : (۱) الشیخ ناصیف بن عبدالله ، انیسویں صدی کا ایک عرب شاعر اور ماهر لسانیات (۱۸۰۰ تا [illegible]ء) اور اس کی اولاد : (۲) ابراهیم بن ناصیف		

marfat.com

Marfat.com

عنوان	اشارات	صفحہ	عمود
	(۱۸۴۷ تا ۱۹۰۶ء) ، لغوی اور ماہر لسانیات ؛ (۳) خلیل بن ناصیف (۱۸۰۸ تا ۱۸۸۹ء) ، مصنف المروة والوفا ؛ (۴) وردہ بنت ناصیف (۱۸۸۳ تا ۱۹۲۴ء) ، مصنفہ اور شاعرہ ؛ (۵) حبیب بن ناصیف (۱۸۲۳ تا ۱۸۷۰ء) ، مترجم ، شارح اور مرثیہ نگار .	۲۵۳	۱
* بازوری	ابو محمد الحسن بن علی ، فاطمی خلیفہ المستنصر باللہ کا وزیر اور قاضی القضاۃ (م ۴۵۰ھ/۱۰۵۸ء) .	۲۵۷	۱
* یازیجی اوغلو	(یازیجی زادہ) ، دو قدیم عثمانی شاعر اور صوفی : (۱) یازیجی اوغلو محمد (م ۸۵۵ھ/۱۴۵۱ء) ، مصنف رسالہ محمدیہ ؛ (۲) یازیجی اوغلو احمد (م نواح ۸۶۰ھ/۱۴۵۶ء)، تصوف کی چندکتابوں کا مصنف .		
⊗ یٰسٓ	قرآن مجید کی چھتیسویں سورۃ .	۲۶۰	۱
* یافا	(یافہ ، Joffa, Jappa) ، بحیرۂ روم کے کنارے ایک قدیم تاریخی شہر .	۲۶۳	۱
* یافث	(بائبل : Japheth) ، تورات میں مذکور حضرت نوحؑ کا ایک بیٹا .	۲۶۵	۱
* الیافعی	ابوالسعادۃ (ابوالبرکات) عبداللہ بن اسعد بن علی ، ایک یمنی صوفی اور مصنف (۷۰۰ھ/۱۳۰۰ء تا ۷۶۸ھ/۱۳۶۷ء) .	۲۶۶	۲
⊗ یاقوت الحموی	شہاب الدین ابو عبداللہ الرومی (۵۷۴ھ/۱۱۷۸ء تا ۶۲۶ھ/۱۲۲۹ء) ، ایک نامور ادیب ، فہرست نگار اور معجم البلدان اور معجم الادباء وغیرہ کا مشہور مصنف .	۲۶۷	۱
* یاقوت المستعصمی	جمال الدین ابوالمجد بن عبداللہ (۶۱۸ھ/۱۲۲۱ء تا ۶۹۸ھ/۱۲۹۸ء) ، ایک مشہور خطاط .	۲۷۰	۱
* یام	(۱) علاقہ ہمدان (جنوبی عرب) سے تعلق رکھنے والا ایک قبیلہ ؛ (۲) یمن کا ایک مخلاف ؛ (۳) یمن جوف میں ایک پہاڑ .	۲۷۱	۱
* یانینہ	(Janina ، یانیہ) ، زیریں البانیا کا ایک شہر .	۲۷۲	۱
⊗ یتیم	ایک اسلامی اصطلاح ، بمعنی بچپن میں باپ کے سایۂ عاطفت سے محروم ہو جانے والا بچہ یا بچی .	۲۷۳	۱
⊗ یثرب	رک بہ المدینۃ المنورہ .	۲۷۶	۲
⊗ یحییٰؑ	قرآن مجید میں مذکور ایک پیغمبر .	۲۷۷	۱
* یحیی	سلطان سلیمان کے عہد کا ایک البانی الاصل ترکی شاعر (حیات نواح ۹۸۶ھ) .	۲۷۸	۱
* یحیی بن آدم	بن سلیمان ، ابو زکریا ، ایک معروف عالم دین ، مصنف کتاب الخراج (م ۲۰۳ھ/۸۱۷ء) .	۲۸۰	۱
* یحیی بن پیر علی	رک بہ نوعی .	۲۸۱	۲
* یحیی بن خالد برمکی	عباسی خلافت کی ایک اہم شخصیت ، ہارون الرشید کا اتالیق		

marfat.com

Marfat.com

عنوان	اشارات	صفحہ	عمود
	اور بعد ازاں وزیر، خاندان برامکہ کا بانی (م ۱۹۰ھ/ ۸۰۵ء) .	۲۸۱	۱
* یحیی بن زید الحسینی :	زید بن علی بن امام حسینؓ (۹۸ھ/۷۱۶ء تا ۱۲۵ھ/۷۴۳ء) ، بنوامیہ کے خلاف ایک تحریک کے قائد اور زیدیہ کے پانچویں امام .	۲۸۲	۱
* یحیی بن علی :	بن یحیی ابی منصور المنجم ، ابواحمد ، کلاسیکی عربی موسیقی کا ماہر ، مصنف کتاب الباهر و کتاب النغم (م ۹۱۲ء) .	۲۸۳	۲
⊗ یحیی کبیر غرغشتی :	حضرت خواجہ (۷۰۷ھ/۱۳۰۷ء تا ۸۳۴ھ/۱۴۳۰ء) ، حضرت مخدوم جہانیاں سے مجاز ، کوہ سلیمان کے مضافات میں شہر علی کے ایک بزرگ اور مبلغ دین .	۲۸۵	۱
* یربوع :	متعدد عرب قبائل کی شاخوں کا نام .	۲۸۶	۱
* الیرموک :	شام کا ایک دریا اور عہد صدیقی کی ایک مشہور جنگ (۱۵ھ/۶۳۶ء) کا محل وقوع .	۲۸۶	۲
* یروشلم :	رک بہ القدس .	۲۸۷	۱
* یزد :	ایران کا ایک شہر .	۲۸۷	۱
* یزدان :	زردشتی افکار میں خدا کا نام .	۲۸۷	۲
* یزدگرد :	رک بہ ساسانیاں .	۲۸۹	۱
* یزیدبن زیاد (ابن مفرغ) :	ابو عثمان یزید بن زیاد الحمیری ، پہلی صدی ہجری میں بصرے کا ایک ہجو گو شاعر (حیات ۶۴ھ/۶۸۳ء) .	۲۸۹	۱
* یزیدبن عبدالملک :	اموی خلیفہ (از ۱۰۱ھ/۷۲۰ء تا ۱۰۵ھ/۷۲۴ء) .	۲۹۰	۲
⊗ یزیدبن معاویہ :	حضرت امیر معاویہ کا بیٹا اور جانشین (۶۰ھ/۶۸۰ء تا ۶۴ھ/۶۸۳ء) .	۲۹۱	۱
* یزیدبن المہلب :	ابن صفرة الازدی (۵۳ھ/۶۷۲-۶۷۳ء تا ۱۰۲ھ/۷۲۰ء) ، ایک مشہور عرب سردار اور عامل خراسان .	۲۹۵	۲
*⊗ یزیدی :	(یزیدیہ) ، ایک کرد قبیلے اور اس کے مذہب کا نام .	۲۹۷	۱
* یشمل ایرماق :	(سبز دریا) ، ایشیاے کوچک کا ایک دریا .	۲۹۹	۲
* یعرب :	(۱) یعرب بن قحطان بن هود المعروف بہ اعرب ، شاہان حمیر کا جد اعلیٰ ؛ (۲) یعرب بن مالک ، عمان کے حکمران خاندان یعربیہ (از ۱۰۳۴ تا ۱۱۵۱ھ) کا جد اعلیٰ .	۲۹۱	۲
* یعفر :	بن عبدالرحمٰن بن کریب الحوالی (حیات ۲۷۰ھ/۸۸۳ء) بنو یعفر یا بنو حوالی کے حکمران خاندان کا بانی .	۳۰۰	۲
* یعقوب :	علیہ اسلام ، حضرت اسحاق کے بیٹے ، بنی اسرائیل کے جد اعلیٰ اور		

marfat.com

Marfat.com

عنوان	اشارات	صفحه	عمود
	مشہور پیغمبر .	۳۰۱	۲
* یعقوب بن لیث :	رک بہ صفاریہ .	۳۰۳	۲
* یعقوب بے :	رک بہ گرمیان اوغلو .	۳۰۳	۲
* یعقوب صرفی :	رک بہ صرفی کشمیری .	۳۰۳	۲
* الیعقوبی :	احمد بن ابو یعقوب الکاتب العباسی ، مشہور عرب ، جغرافیہ نویس ، مؤرخ اور تاریخ الیعقوبی وغیرہ کا مصنف .	۳۰۳	۲
* یغرغر :	عہد تربیع میں صحراے اعظم کے دریا کی گذر گاہ .	۳۰۵	۱
* یغما جندقی :	ابو الحسن رحیم بن حاجی ابراھیم قلی (۱۱۹۶ھ/۱۷۸۲ء تا ۱۲۷۶ھ/ ۱۸۵۹ء) ، ایک صاحب دیوان ایرانی شاعر .	۳۰۵	۱
* یفرن :	رک بہ افرن .	۳۰۷	۱
* یلدز کوشکی :	(نیز یلدیز سرای یعنی ستارہ محل) ، استانبول میں عثمانی سلاطین کا محل .	۳۰۷	۱
* الیمامہ :	وسطی عرب کا ایک علاقہ .	۳۱۰	۲
* یمشجی :	رک بہ حسن پاشا یمشجی .	۳۱۲	۱
* یمق :	رک بہ ینی چری .	۳۱۲	۱
⊗* الیمن :	جزیرۃ العرب میں سابقاً ایک صوبہ اور آج کل ایک خود مختار مملکت .	۳ ۲	۱
* یمین :	مسلمانوں کے قسم اٹھانے کے لیے عام اصطلاح .	۳۲۲	۱
* ینبع :	عرب کے مغربی ساحل پر ایک چھوٹی سی بندر گاہ .	۳۲۲	۱
* ینی چری :	(عسکر جدید) ، سلطنت عثمانیہ میں ابتداءً مفتوحہ نصرانیوں کے نو مسلم (قول اوغلی) بچوں پر مشتمل جدید طرز پر تیار کردہ ایک پیادہ فوج .	۳۲۳	۱
* ینیر :	(انایر Ennayer) ، شمالی افریقہ کے باشندوں کے ھاں جولین تقویم کے پہلے مہینے کا نام .	۳۲۸	۱
* یوٹی کی اس :	(Eutychius ، یوتخیوس) ، رک بہ سعید بن البطریق .	۳۲۸	۱
* یورگان لاذیق :	رک بہ لازیق .	۳۲۸	۱
* یوروک :	ایشیاے کوچک کے خانہ بدوش قبائل .	۳۲۸	۲
⊗ یوسف بن یعقوب :	حضرت یعقوب کے فرزند ، خدا کے پیغمبر .	۳۲۹	۱
⊗ یوسف :	قرآن مجید کی بارھویں سورۃ .	۳۳۶	۲
* یوسف الاول :	رک بہ الموحدون .	۳۳۸	۱
* یوسف خاص الحاجب :	بلاساغونی ، ایک مرآۃ الملوک بلیگ کا مصنف (تصنیف ۴۶۲ھ/۱۰۶۹-۱۰۷۰ء) .	۳۳۸	۱
⊗ یوسف عزیز مگسی :	(۱۹۰۸ء تا ۱۹۳۵ء) ، بلوچستان کے ایک سیاسی رھنما .	۳۳۹	۱
* یوسف بن تاشفین :	رک بہ المرابطون .	۳۴۰	۱

marfat.com
Marfat.com

عنوان — اشارات	صفحہ	عمود
* **یُوسُف بن عُمر** : بن محمد الحکم بن ابی عقیل بن مسعود الثقفی ، حجاج بن یوسف کا والد اور والی عراق (م ۱۲۶ھ/۷۴۴ء) .	۳۴۰	۱
* **یُوسفی** : مولانا (۱۵۳۰ تا ۱۵۵۶ء) ، مغل شہنشاہ ہمایوں کا منشی اور طبیب ، صاحب بدائع الانشاء .	۳۴۱	۲
* **یُوشع بن نُون** : تورات میں یشوع Joshua کے نام سے مذکور ایک قدیم پیغمبر اور حضرت موسیٰؑ کے شاگرد اور جانشین .	۳۴۲	۱
* **یوغرت** : (ت) دہی ، ماست ، لبن .	۳۴۲	۱
⊗ **یوگنڈا** : مشرقی استوائی افریقہ کا ایک ملک .	۳۴۳	۲
⊗ **یوم الحساب** : قرآن مجید میں مذکور قیامت کا ایک نام .	۳۴۵	۲
⊗ **(حضرت) یونُسؑ** : بن متی ، قرآن مجید میں مذکور ، ایک قدیم پیغمبر .	۳۴۹	۱
⊗ **یونس** : قرآن مجید کی دسویں سورۃ .	۳۵۲	۱
⊗ **یونیورسٹی اورینٹل کالج** : رک بہ پنجاب یونیورسٹی اورینٹل کالج ، در تکملہ .	۳۵۴	۱
* **یونس الکاتب یا المغنی** : ایک مشہور عرب گویا اور موسیقی پر کتابوں کا مصنف (حیات ۱۳۲ھ) .	۳۵۴	۱
⊗ **یہود** : ایک مشہور قوم .	۳۵۵	۱
* **یہودی** : رک بہ یہود .	۳۶۳	۲
* **ییلا** : (مشرقی ترکی) گرمیوں کا پڑاؤ .	۳۶۳	۲

marfat.com
Marfat.com

حرف آخر

موسوعات کے متعلق' جسے آج انسائی کلوپیڈیا یا دائرۂ معارف کا نام دیا جاتا ہے' ہماری روایات قابل صد رشک ہیں۔ حق تو یہ ہے کہ مسلمان ہی اس کے مؤسس ہیں۔

ظہور قدسی صلی اللہ علیہ وسلم سے پہلے اللہ تعالیٰ کے مامور اپنی اپنی قوم اور اپنے اپنے ملک کی طرف مبعوث ہوا کرتے تھے لیکن قرآن مجید کا دامن آفاق گیر ہے۔

یہ آسمانی صحیفوں کے ایک طویل سلسلے کی آخری کڑی ہے۔ ایک کامل ضابطہ ہے۔ ایک عالمگیر شریعت ہے۔ ہماری طبعی' اخلاقی اور روحانی حالتوں کے لیے کامل راہنما ہے۔ اس میں انسانی زندگی کے ہر شعبے کی آبیاری کی گئی ہے۔ اس میں پہلی کتابوں کے زندہ علوم کو بھی سمیٹا گیا ہے اور دنیا کی آئندہ علمی راہبری کا سامان بھی ہے۔

مسلمانوں نے قرآن مجید کی اس راہنمائی کے مطابق اپنی زندگیوں کو ڈھالا اور ہر شعبۂ علم میں علوم و معارف کے دریا بہا دیے۔ انہوں نے اپنے بالکل ابتدائی دور ہی میں ہر علم کی ہزاروں ہزار کتابیں تصنیف و تالیف کیں اور بالآخر وہ دور بھی آ گیا کہ علوم و فنون کی اس توسیع اور ترقی کے باعث حوالے کی متعدد کتابیں وجود میں آ گئیں جن میں اس دور کی معلومات کی سہل الحصول تلخیص پیش کی گئی اور یوں بڑے بڑے بلند پایہ موسوعات نویس منظر عام پر آئے۔

موسوعات نویسی کا آغاز تو مسلمانوں نے کیا لیکن ہماری بد قسمتی کہ آج مغرب کے بیان و تحقیق کا انداز اتنا ترقی یافتہ اور مقبول ہو گیا ہے کہ خود ہم یہ سمجھنے لگے ہیں کہ انسائی کلوپیڈیا انہیں کی اختراع ہے۔ اس کی بڑی وجہ یہ ہے کہ اندلس کی تباہی' تاتاریوں کی یورش اور گزشتہ چودہ سو برس میں ایسے چھوٹے بڑے کتنے ہی انقلابات کا اسلامی دنیا کو سامنا کرنا پڑا اور علم و فن کی کیسی کیسی گراں مایہ متاع کتم عدم میں چلی گئی۔ پھر بھی خدا کا شکر ہے کہ کئی بڑے بڑے شاہکار آج بھی ہمارے پاس ہیں' مثلاً عقدالفرید۔ ابن عبد ربہ کی یہ تالیف ادب کی ایک گراں قدر انسائیکلوپیڈیا ہے جو ایک ہزار برس سے زیادہ عرصہ گزر جانے کے بعد آج بھی اسی طرح درخشاں و تاباں ہے۔ پھر ابن عبد ربہ کے ہم عصر ابوالنصر فارابی کی کتاب احصاء العلوم ہے جس کا نام اور کام دونوں ہی دائرۃ المعارف کے ہم قدم ہے۔ اس کے بعد رسائل اخوان الصفا کا نام لیا جا سکتا ہے' جس کے مکمل اجزا اگرچہ دستیاب نہیں تاہم اپنی موجودہ شکل میں بھی اسے آرٹ اور سائنس کی انسائیکلوپیڈیا کہا جا سکتا ہے۔ علیٰ ھذا الخوارزمی کی مفاتیح العلوم ایک بلندپایہ دائرۂ معارف ہے جس میں پندرہ عقلی اور نقلی علوم سے بحث کی گئی ہے۔

مسلمان موسوعات نویسوں کی فہرست اس پر تمام نہیں ہوتی۔ یہ تو ایک عظیم الشان تحریک کا محض آغاز تھا۔ اس کے بڑے بڑے موسوعات نویسوں کی قابل قدر کاوشیں ہمارے پاس موجود ہیں' مثلاً پانچویں صدی ہجری میں ابو حیان التوحیدی (صاحب المقابسات)' چھٹی صدی میں ابن الجوزی' ساتویں صدی میں امام فخرالدین الرازی اور بعد ازاں النویری' ابن فضل اللہ العمری' علامہ سیوطی' الوسی' التفتازانی' الشریف الجرجانی' [illegible] یاقوت [illegible] خلیفہ [illegible] یہ سلسلۃ الذہب کئی صدیوں پر محیط

marfat.com
Marfat.com

نظر آتا ہے۔

اس ضمن میں عربی کے علاوہ اسلامی ممالک کی دوسری ترقی یافتہ زبانوں میں بھی کام ہوا اور اس دور میں جب مغرب جہالت کے اندھیروں میں بھٹک رہا تھا فارسی میں ابن سینا کے دانش نامۂ علائی' امام رازی کی ستینی' مسعود شیرازی کی درۃ التاج اور محمود آملی کی نفائس الفنون قابل ذکر ہیں۔ اسی طرح عالم اسلام کی تیسری اہم زبان ترکی میں شمس الدین سامی کی قاموس الاعلام تو ابھی پچھلی صدی ہی کا کارنامہ ہے جو اپنی ضخامت اور اہمیت دونوں کے اعتبار سے کتنی ہی کتابوں پر بھاری ہے۔

بایں ہمہ اردو' جسے برصغیر پاک و ہند میں بسنے والے تیس چالیس کروڑ مسلمانوں کی مذہبی اور تہذیبی روایات کا ترجمان ہونے کا دعوی ہے' اس نوعیت کی کتاب سے تہی دامن چلی آ رہی ہے۔ سچ پوچھیے تو اسلامی دائرہ معارف تو درکنار کسی عمومی موسوعات کو بھی ہمارے اہل قلم نے قابل توجہ نہیں گردانا حالانکہ مشرق کی دوسری زبانوں کا دامن اس سے خالی نہیں رہا' مثلاً چینی میں ہزاروں کراسوں پر مشتمل ایک ضخیم کتاب موجود ہے۔ مرہٹی کا مہاکوش تئیس جلدوں میں ملتا ہے۔ بنگالی کے موسوعات ستائیس جلدوں پر مشتمل ہیں۔ اور تو اور گور مکھی تک میں سات جلدوں پر مشتمل ایک ایسی کتاب موجود ہے۔

اردو کی یہ کم مائیگی اہل درد کو ایک مدت سے کھٹک رہی تھی۔ دراصل یہ کام کسی ایک فرد کے بس کا روگ بھی نہیں۔ اس کے لیے ایک جماعت اور کافی سرمائے کی ضرورت ہے' چنانچہ ۱۹۴۰-۱۹۴۱ء میں یونیورسٹی اورینٹل کالج کے پرنسپل مولوی محمد شفیع صاحب نے یہ تجویز پیش کی کہ پنجاب یونیورسٹی کے زیر اہتمام ایک ایسی دائرۂ معارف اسلامیہ اردو میں ترتیب کی جائے جو اسلامی تہذیب و ثقافت کے تمام پہلوؤں پر حاوی ہو' لیکن وہ زمانہ ایسا تھا کہ یونیورسٹی کے ارباب اقتدار کو اس پر آمادہ نہ کیا جا سکا اور یہ بیل منڈھے نہ چڑھ سکی۔

قیام پاکستان کے بعد جب ملت کے اجتماعی تقاضوں کو نئی زندگی ملی اور ان کی تکمیل کے لیے ایک تازہ ولولہ پیدا ہوا تو ڈاکٹر سید عبداللہ نے پنجاب یونیورسٹی کی توجہ ایک بار پھر اس تحریک کی طرف منعطف کرائی اور سنڈیکیٹ نے اس بار اردو دائرۂ معارف اسلامیہ کی تدوین کے منصوبے کی تکمیل کا بیڑا اٹھا لیا۔ مقصود یہ قرار پایا کہ اردو میں معلومات کا ایک ایسا مستند ذخیرہ فراہم ہو جائے جس کی طرف ہم اپنے مذہبی تصورات اور تہذیبی روایات' ملت کی مختلف اقوام کی تاریخ' اس کے مشاہیر کے سوانح حیات' مختلف اسلامی ممالک کے جغرافیائی کوائف اور وہاں بسنے والوں کے نسلی حالات کے متعلق اعتماد سے رجوع کر سکیں۔

یہ ایک بہت بڑا اور بہت دشوار کام تھا۔ ہمارے ہاں ایک طرف تو ایسے علماء و فضلاء کا قحط ہے جو اسلامیات کے ہر پہلو پر گہری نظر رکھتے ہوں' ہمہ گیر قابلیت کے حامل ہوں اور مشرق و مغرب دونوں کی نقطۂ نگاہ سے بخوبی آگاہ ہوں اور دوسری طرف ہمارے کتب خانوں میں وہ کتابیں دستیاب نہیں جو مستند مآخذ کا کام دے سکیں۔ اس طرح ایک طبع زاد دائرۂ معارف کی ترتیب و تدوین ہمارے وسائل سے ماورا نظر آئی' چنانچہ علمی مشکلات کے پیش نظر یہ طے پایا کہ اپنے منصوبے کی بنیاد اس کتاب پر رکھی جائے جو ڈچ رائل اکادمی کے زیر اہتمام لائیڈن سے انسائیکلوپیڈیا آف اسلام کے نام سے شائع ہوئی تھی۔ اس کا پہلا ایڈیشن چار جلدوں اور ایک تکملے پر مشتمل تھا۔ اس کی طباعت ۱۹۰۸ء میں شروع ہو کر ۱۹۳۸ء میں پایہ تکمیل کو پہنچی۔ در حقیقت یہ نامور مستشرقین کی تقریباً نصف صدی کی مشترکہ مساعی کا شاندار نتیجہ ہے۔ اس میں اسلام اور قبل اسلام کے مشہور افراد' مقامات' واقعات اور دنیا کے مختلف خطوں [illegible] پر منفرد مقالات لکھے گئے ہیں اور انہیں

marfat.com

Marfat.com

حروف تہجی کے اعتبار سے ترتیب دیا گیا ہے۔ پھر ہر مقالے کے آخر میں مزید اور مفصل معلومات کی نشاندہی کے لیے مآخذ کی فہرست درج کر دی گئی ہے۔ یہ ایک حقیقت ہے کہ اسلامی موضوعات پر لائیڈن انسائیکلوپیڈیا سے وسیع تر کوئی تدوین دنیا کی زبانوں میں موجود نہ تھی' لہٰذا اسے عالم اسلام کے دانشوروں نے قدر کی نگاہوں سے دیکھا' چنانچہ حکیم الامت علامہ اقبال نے بھی مشہور ترک فاضل پروفیسر خلیل خالد بے کو ان کے ایک مکتوب کا جواب دیتے ہوئے مشورہ دیا کہ وہ انسائیکلوپیڈیا آف اسلام مستقل طور پر پیش نظر رکھیں۔

انسائیکلوپیڈیا ہمیشہ کسی مخصوص دور کی شان فضیلت کی عکاسی کرتی ہے اور وہ کسی مخصوص ذہنی نظام کی پیداوار ہوتی ہے۔ لائیڈن انسائیکلوپیڈیا مغربی علم و فضل کی پیداوار ہے اور ان لوگوں کے لیے لکھی گئی جو مغرب کی علمی روایات کے تنقیدی اصولوں کو قبول کر چکے ہیں۔ لہٰذا یہ کتاب من و عن ہمارے لیے کسی طرح قابل قبول نہیں ہو سکتی تھی کیونکہ مستشرقین ہزار معروضی نقطۂ نظر اختیار کریں وہ اپنے مخصوص ذہنی رویے اور مذہبی و سیاسی تعصبات سے آزاد نہیں ہو سکتے۔ ظاہر ہے کہ ایک اسلامی مملکت کے علمی ادارے کی طرف سے مسلمانوں کے لیے پیش کیا جانے والا دائرۂ معارف اسلامیہ غیر مسلموں کے نقطہ نظر کی رو سے مرتب نہیں کیا جا سکتا' چنانچہ لائیڈن انسائیکلوپیڈیا کو اپنے حلقۂ ناظرین کے معتقدات و تعصبات اور مذاق کے مطابق بنانا ناگزیر تھا۔ عربی اور ترکی زبانوں میں جب اس کے ترجمے کا کام شروع ہوا تھا تو وہاں اس مسئلے کا حل یہ نکالا گیا تھا کہ لائیڈن والوں سے اصل تالیف میں حک و اصلاح اور اطناب و ایجاز کی اجازت لے لی جائے۔ اردو دائرۂ معارف اسلامیہ کے سلسلے میں بھی یہی راستہ اختیار کیا گیا اور طے پایا کہ ترجمہ کرتے وقت جہاں جہاں کوئی بیان تاریخی واقعات اور اسلامی احساسات کے خلاف نظر آئے اس کو علمی اور تحقیقی اساس پر تبدیل کر دیا جائے۔

اردو دائرۂ معارف اسلامیہ کہنے کو تو ترجمہ ہے لیکن حقیقت میں یہ اصل انگریزی متن سے جداگانہ اور مستقل تصنیف بن گئی ہے۔ اس کی وجہ یہی نہیں کہ متن میں جابجا قوسین کے درمیان حواشی کے ذریعے بہتر تحقیقی فضا پیدا کی گئی ہے جس کے نتیجے میں اس اردو کتاب کی روح خاص تبدیل ہو گئی ہے بلکہ اس سے بھی بڑی وجہ اس کے وہ اضافے ہیں جو نئے اور طبعزاد مقالات اور تعلیقات کی صورت میں شامل کیے گئے ہیں۔ موضوعات کے اعتبار سے بھی کافی اضافے ہوئے ہیں اور بالخصوص برصغیر سے متعلق مقالات کثیر تعداد میں بڑھائے گئے ہیں جس کے باعث اس میں بڑی وسعت پیدا ہو گئی ہے۔ مستشرقین کی پھیلائی ہوئی غلط فہمیوں اور غلط بیانوں کی تردید کے ساتھ ساتھ یہ بھی مدنظر رہا ہے کہ مختلف فرقوں کے اختلافات کو بے ضرورت یا بے بنیاد طور پر ابھارنے کے بجائے ان کو تاریخی اور معاشرتی پس منظر کے ساتھ عام مجلسی تحریکات کے طور پر پیش کیا جائے تاکہ امت مسلمہ کی اختلافی آرا کو صحیح تناظر میں دیکھا جا سکے۔

یہ بڑا ہی اہم اور محنت طلب کام تھا' لیکن مقام مسرت ہے کہ ارکان ادارہ کی مساعی مشکور ثابت ہوئیں اور اب یہ بات بڑے اعتماد سے کہی جا سکتی ہے کہ اگر لائیڈن انسائیکلوپیڈیا ایک عظیم کتاب تھی تو اس کا اردو متن ضروری تبدیلیوں اور اضافوں کے بعد ایک عظیم تر کتاب کی صورت میں ہمارے سامنے آیا ہے۔ اس کا پہلا قابل ذکر پہلو تو جیسا کہ بیان ہو چکا' یہ ہے کہ اردو متن میں انگریزی ایڈیشن سے مختلف اور وسیع مضامین مشرق و مغرب کے مستند فضلا سے براہ راست لکھوائے گئے۔ دوم' یہ کوشش کی گئی کہ تاریخی مضامین کا مواد حتی الامکان [illegible] احساس منقطع نہ ہو۔ سوم' اسلام

marfat.com

Marfat.com

کی اہم شخصیات اور عقائد و تصورات سے متعلق اہم مضامین یا تو نئے لکھوائے گئے یا بڑی حد تک بدل دیے گئے۔ چونکہ اسلام کی برگزیدہ ہستیوں کے مرتبے کا صحیح تعین مطلوب تھا اس لیے حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم اور دیگر مقدسین پر بھی مسلمان فضلا اور ارکان ادارہ کی مدد سے بالکل نئے اور بتعداد مضامین شامل کیے گئے یا موجودہ مقالات یکسر بدل دیے گئے۔ چہارم' انگریزی متن کی جو عبارتیں ہمارے تہذیبی ذوق اور تاریخی روایات سے متصادم تھیں انہیں تبدیل کر دیا گیا۔ پنجم' برصغیر پاک و ہند کی درجہ اول کی شخصیات نیز اس خطے سے متعلق تاریخی و جغرافیائی اور ادبی و لسانی موضوعات کا معتدبہ اضافہ ہوا اور ایسے خالص پاکستانی موضوعات بھی جو انگریزی متن میں موجود نہ تھے کافی تعداد میں شامل کر لیے گئے۔ ششم' اسلامی زبانوں اور پاکستانی زبانوں اور ان کے ادب پر سیر حاصل مضامین شامل کیے گئے۔ ہفتم' ترکی موضوعات کے بارے میں ترکی انسائیکلوپیڈیا آف اسلام کے بہت سے اہم مضامین براہ راست ترجمہ کرا کے شامل کیے گئے۔ اسی طرح عربی ترجمے سے بھی براہ راست استفادہ کیا گیا۔ ہشتم' معاصر اسلامی ممالک کے بارے میں مقالات پر خاص توجہ دی گئی ہے کیونکہ پاکستان کے نقطۂ نظر سے بین الملکی اتحاد کے لیے یہ امر ضروری تھا۔ نہم' ہزارہا مواقع پر سنین اور افراد و اماکن کے ناموں سے متعلق انگریزی متن کے سہو اور اغلاط کی تصحیح کی گئی اور کتابیات میں اضافہ کیا گیا۔ دہم' قرآن مجید' اسلام' مسجد' سیرت نبوی' اسلامی علوم و فنون اور پاکستان پر مفصل اور سیر حاصل خصوصی مقالے تیار کیے گئے۔ اسی طرح نامور صحابۂ کرام' ائمۂ عظام اور اولیاء و مشائخ پر الگ الگ مقالے تحریر کیے گئے۔ اردو دائرہ معارف کی یہ امتیازی خصوصیات دیکھ کر پیر حسام الدین راشدی بے اختیار کہ اٹھے تھے کہ "پاکستان میں فقط یہی ایک کام سنجیدہ' پاکیزہ' دائمی رہنے والا اور علمی طور سے سب کو زندہ رکھنے والا ہوا ہے۔"

لائیڈن انسائیکلوپیڈیا کا عربی' ترکی اور فارسی زبانوں میں بھی ترجموں کا آغاز ہوا تھا لیکن مصر' ترکیہ اور ایران کے داخلی حالات کے باعث یہ مساعی منقطع ہو گئیں۔ اب ان سب کی قائم مقامی اردو دائرۂ معارف اسلامیہ کر رہا ہے اور یہ پاکستان اور اردو زبان کا ایسا شرف ہے جس پر بجا طور پر ناز کیا جا سکتا ہے۔

ہم اسے انتہائی انکسار کے ساتھ علمی دنیا کی خدمت میں پیش کر رہے ہیں۔

رئیس ادارہ
و صدر شعبہ اردو دائرۂ معارف اسلامیہ

پنجاب یونیورسٹی'
لاہور' ۲۔ اکتوبر ۱۹۹۳ء

marfat.com
Marfat.com

جملہ حقوق بحق پنجاب یونیورسٹی محفوظ ہیں
مقالہ نگار یا کسی اور شخص کو کلی یا جزوی طور پر اس کا
کوئی مقالہ یا تعلیقہ یا اس کے کسی حصے کا ترجمہ
شائع کرنے کی اجازت نہیں

بار اول اکتوبر ۱۹۹۳ء

سال طباعت : ۱۴۱۴ھ/۱۹۹۳ء

مقام اشاعت : لاہور

ناشر : محمد سعد الدین ، رجسٹرار ، دانش گاہ پنجاب ، لاہور

اشاریہ :-

طابع : رشید اقبال

مطبع : رشید اقبال پرنٹرز ، ۲ - میکلوڈ روڈ ، لاہور

سرورق و حرف آخر :-

طابع : میر افضل میر

مطبع : میر انٹر پرائزز ، ۷ فیاض روڈ - نئی انارکلی - لاہور

marfat.com

Marfat.com

Urdū

Encyclopædia of Islām

Under the Auspices

of

THE UNIVERSITY OF THE PANJAB

LAHORE

Vol. XXIV

(INDEX)

1414/1993

marfat.com